مسلسل اشاعت کے ۵۴ سال

شمارہ: ۱۰ جلد: ۲۱ | شوال المکرم ۱۴۳۸ جولائی 2017

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

لولاک

ملتان

Email: khatmenubuwwat@ymail.com

نصیحت رسالتمآب ﷺ قبول کیجئے!

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ پر حملہ کی مذمت

مشاہیر کے خطبات ختم نبوت
...عرضِ واقعی

پاکستانی قادیانیوں کا وفد اسرائیل پہنچ گیا!

مرزا قادیانی برٹش سیکرٹ سروس کا ملازم

www.khatm-e-nubuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

لولاک

ملتان

شمارہ : ۱۰ جلد : ۲۱

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
حضرت مولانا عبدالرحمٰن میانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ
پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ

بانی : مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ
زیر سرپرستی : حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب
زیر سرپرستی : حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب
نگران اعلیٰ : حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری
نگران : حضرت مولانا اللہ وسایا
چیف ایڈیٹر : حضرت مولانا عزیز احمد
حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی
ایڈیٹر : صاحبزادہ حافظ مبشر محمود
مرتب : مولانا عزیز الرحمٰن ثانی
کمپوزنگ : یوسف ہارون

مجلس منتظمہ

علامہ احمد میاں حمادی	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی
مولانا بشیر احمد	حافظ محمد یوسف عثمانی
مولانا محمد اکرم طوفانی	مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن
مولانا فقیر اللہ اختر	مولانا قاضی احسان احمد
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا غلام حسین	مولانا محمد علی صدیقی
مولانا محمد اسحاق ساقی	مولانا محمد حسین ناصر
مولانا غلام مصطفیٰ	غلام مصطفیٰ چوہدری ایڈووکیٹ
چوہدری محمد اقبال	مولانا محمد قاسم رحمانی
مولانا عبدالرزاق	

ناشر : عزیز احمد مطبع : تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت : جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ
حضوری باغ روڈ ، ملتان فون : 0300-4304277, 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر	مولانا اللہ وسایا	03
ڈپٹی چیئرمین سینٹ پر حملہ کی مذمت	مولانا محمد اعجاز مصطفی	07

مقالات ومضامین

محسن کائنات ﷺ کا تحفہ قبول کیجئے	مفتی محمد عمر فاروق	10
سید الشہداء.....سیدنا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب	حافظ محمد انس	13
اصحاب بدر کا اجمالی تعارف (قسط نمبر:26)	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی	16
غزوہ احد	صاحبزادہ طارق محمود رحمۃ اللہ علیہ	19
تاریخ خلیفہ ابن خیاط رحمۃ اللہ علیہ (قسط نمبر:15)	ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری	23

شخصیات

حضرت مولانا عبد الجلیل رحمۃ اللہ علیہ	قاری محمد شاہ نقشبندی	26

ردِ قادیانیت

پاکستانی قادیانیوں کا وفد اسرائیل پہنچ گیا	علی زمان	28
مرزا قادیانی برٹش سیکرٹ سروس کا ملازم	نور محمد قریشی ایڈووکیٹ	30

متفرقات

مشاہیر کے خطبات ختم نبوت.....عرض واقعی	مولانا اللہ وسایا	32
چھتیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء	مولانا محمد وسیم اسلم	37
تبصرۂ کتب	ادارہ	54
جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	56

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر

الحمد للّٰہ و کفٰی وسلام علٰی عبادہ الذین اصطفٰی. اما بعد!

محض اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے امسال بھی سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کا حسب سابق آغاز ۲رشعبان المعظم ۱۴۳۸ھ مطابق ۲۹ر اپریل ۲۰۱۷ء بروز ہفتہ صبح آٹھ بجے ہوا۔ جمعرات شام سے مہمان آنے شروع ہوئے۔ جمعہ کے روز رات گئے تک چار صد سے زائد شرکاء حضرات تشریف لا چکے تھے۔ امسال اللہ رب العزت نے کرم کیا کہ سب سے بڑا قافلہ کراچی اور اندرون سندھ سے تشریف لایا۔ کراچی سے پاکستان ایکسپریس پر تین صد حضرات عازم سفر ہوئے۔ حیدرآباد اور روہڑی سے ایک سو حضرات نے اعزاز ہمسفری حاصل کیا۔ یوں ہفتہ کے روز صبح ساڑھے آٹھ بجے چار سو حضرات پر مشتمل قافلہ فیصل آباد اسٹیشن پر اترا۔ پورے اسٹیشن پر ختم نبوت کورس کے شرکاء کی ریل پیل نے بھرپور کشش کا ماحول پیدا کیا ہوا تھا۔ مولانا عبدالرشید مبلغ ختم نبوت فیصل آباد نے بیس ویگنوں کو بک کیا ہوا تھا۔ چار صد حضرات پر مشتمل قافلہ ویگنوں سے مدرسہ ختم نبوت چناب نگر مسلم کالونی پہنچا۔ ہفتہ کے روز ہی شام کے اسباق میں شرکاء کی تعداد آٹھ صد کے قریب ہوگئی تھی۔

امسال بھی ہفتہ، اتوار دو روز داخلہ جاری رکھا گیا۔ کل داخلہ نوصد چون (۹۵۴) ہوا۔ ہر روز دو وقت صبح وشام حاضری لگتی رہی۔ کثرت غیر حاضری یا دیگر وجوہ کی بنیاد پر بعض حضرات کا خارجہ کیا گیا۔ جو انچاس تھے۔ امتحان میں شریک حضرات کی تعداد نوصد پانچ تھی۔ امسال بھی تین امتحان ہوئے۔ پہلے دو دن ابتدائی سبق مولانا محمد شاہد اور مولانا محمد احمد نے پڑھائے۔ حضرت مولانا غلام رسول دین پوری، حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا مفتی محمد راشد مدنی، مولانا محمد رضوان عزیز، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا غلام مرتضٰی، مولانا محمد قاسم رحمانی کے تسلسل کے ساتھ یومیہ اسباق ہوتے رہے۔ ان میں سے بعض حضرات نے پورا دورانیہ اور بعض نے ایک ایک ہفتہ اسباق پڑھائے۔ ذیل کے حضرات کے بھی لیکچر ہوئے۔ مولانا محمد اکرم طوفانی، مولانا زاہد الراشدی، مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی، مولانا قاضی محمد ابراہیم ثاقب (امیر مجلس اٹک)، جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران (بہاول پور)، مولانا نور محمد ہزاروی (سرگودھا)، مولانا مفتی محمد حسن (لاہور)، مولانا سید خبیب احمد شاہ (فیصل آباد)، مولانا محمد الیاس گھمن (سرگودھا)، مولانا محمد اعجاز مصطفٰی (امیر مجلس

کراچی)، مولانا محمد انور اوکاڑوی، مولانا قاضی ہارون الرشید (راولپنڈی)، جناب محمد متین خالد (لاہور)، مولانا قاری عبدالعلیم شاکر (لاہور)، جناب پیر رضوان نفیس (لاہور)، قاری مولانا جمیل الرحمٰن (لاہور)، مولانا خالد محمود (لاہور)، مفتی محمد دین (تلی)، حضرت مولانا پیر عبدالرحیم (چکوال)، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ (تلہ گنگ)، مولانا غلام محمد، مولانا حفظ الرحمٰن بنوری (فیصل آباد)۔ کورس کا سب سے پہلا سبق مولانا عزیز الرحمٰن صاحب شیخ الحدیث جامعہ دارالقرآن فیصل آباد کا اور سب سے آخری سبق عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر مولانا صاحبزادہ عزیز احمد صاحب خانقاہ سراجیہ کا ہوا اور اتفاق کی بات ہے کہ دونوں حضرات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالمجید لدھیانوی ؒ کے شاگردان رشید ہیں۔

کورس کے شرکاء کی خدمت مولانا خبیب احمد (مبلغ ٹوبہ ٹیک سنگھ)، مولانا محمد اقبال (مبلغ ڈیرہ غازی خان)، مولانا محمد اسحاق ساقی (مبلغ بہاول پور)، مولانا صغیر احمد (مدرس جامعہ ختم نبوت چناب نگر) نے سرانجام دی۔ تمام اساتذہ وقراء حضرات بمع طلباء کرام کے پیش پیش رہے۔ مندوب مہمانوں کا نظم قاری عبیدالرحمٰن کے سپرد رہا۔ تقاریر کے شعبہ کو مولانا فقیر اللہ اختر نے سنبھالا۔ کورس کے مکمل نظم کی مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے نگرانی کی۔ مولانا محمد وسیم اسلم (ملتان)، مولانا عادل خورشید، مولانا غلام مصطفےٰ آپ کے معاون تھے۔ حسب سابق اس موقعہ پر لائبریری میں نئی کتب کا اندراج بھی مولانا محمد وسیم اسلم اور قاری محمد اصغر نے انجام دیا۔ بحمدہٖ تعالیٰ نظم معمول کے مطابق بہت ہی اعلیٰ رہا۔ امسال شرکاء کی ریکارڈ حاضری تھی۔ مجموعی طور پر تمام شرکاء کو ''تحفۂ قادیانیت'' کا چھ جلدوں پر مشتمل سیٹ اور ''چمنستان ختم نبوت'' کا تین جلدوں پر مشتمل سیٹ دیئے گئے۔ دیگر کتب اس کے علاوہ تھیں۔ فللحمد للہ!

امسال بھی کتابوں کے گفٹ پیک کے لئے مولانا سید خبیب احمد شاہ کے برادران نے کارٹن پرنٹ کر کے ارسال کئے۔ آخری تین روز مجلس کے مکتبہ پر ڈیوٹی مولانا محمد قاسم (مبلغ منڈی بہاؤالدین) اور مولانا عبدالرشید (مبلغ فیصل آباد) نے سرانجام دی۔ امسال بھی ملک بھر سے مختلف مدارس کے اساتذہ اپنے اپنے مدرسہ کے طلباء سے ملنے کے لئے تشریف لاتے رہے۔ جو حضرات بھی تشریف لائے کورس کے بھرپور نظم اور رونقوں کے منظر پر خوشی وانبساط کے اظہار کے ساتھ ساتھ دعاؤں سے نوازتے رہے۔ اہل علم کی اس کام کے لئے عنان توجہ اللہ رب العزت کے بے پایاں انعام کا ہی صدقہ ہے۔ فللحمد للہ!

اختتامی دعا ۲۰؍مئی ۲۰۱۷ء مطابق ۲۳؍شعبان المعظم ۱۴۳۸ھ بروز ہفتہ کو ہوئی۔ ڈسکہ، چارسدہ، مانسہرہ، خانقاہ سراجیہ، ہڑپہ، پنوں عاقل، پشاور، لاہور، چنیوٹ، سیالکوٹ، فیصل آباد، اکوڑہ خٹک، چیچہ وطنی سے بہت سارے مہمانان گرامی دعا میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔ نماز فجر کے بعد تمام مہمانان گرامی کو ناشتہ کرایا گیا۔ ۷ بجے مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی اور ان کے بعد آخری بیان مولانا صاحبزادہ عزیز احمد

صاحب کا ہوا۔ آپ نے فیلڈ میں کام کرنے کے لئے ہدایات سے شرکاء کو سرفراز کیا۔ کورس کی اختتامی تقریب کی صدارت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ نے فرمائی۔ چونکہ کراچی وسندھ کے چارصد حضرات کی واپسی ٹرین کے ذریعہ تھی۔ اس لئے ان کو سب سے پہلے اسناد اور انعامی کتب کا سیٹ دیا گیا۔ اس کے بعد رول نمبروں کی ترتیب سے طلباء کو اسناد و کتب دی گئیں۔

جن حضرات کے ہاتھوں سندیں اور انعامی کتب دی گئیں ان کی فہرست یہ ہے: (۱) حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد صاحب خانقاہ سراجیہ، (۲) حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب خانقاہ سراجیہ، (۳) حضرت مولانا محمود الحسن عارف لاہور، (۴) حضرت پیر رضوان نفیس لاہور، (۵) حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ملتان، (۶) حضرت مولانا سیف اللہ خالد چنیوٹ، (۷) حضرت قاری عبدالحمید حامد چنیوٹ، (۸) حضرت مولانا غلام رسول دین پوری چناب نگر، (۹) حضرت مولانا محمد خالد لاہور، (۱۰) حضرت قاری ظہور الحق لاہور، (۱۱) حضرت مولانا سعید احمد لاہور، (۱۲) حضرت قاری عزیز الرحمن رحیمی فیصل آباد، (۱۳) حضرت مولانا مفتی ظفر اقبال چیچہ وطنی، (۱۴) حضرت قاری محمد زاہد اقبال چیچہ وطنی، (۱۵) جناب محمد خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، (۱۶) حضرت مولانا قاری عبیدالرحمن تلہ گنگ، (۱۷) حضرت مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ، (۱۸) حضرت مولانا محمد اسحاق ڈسکہ، (۱۹) مولانا مفتی محمد افضال چنیوٹ، (۲۰) مولانا محمد عارف چنیوٹ، (۲۱) حضرت مولانا حاجی محمد منشاء چنیوٹ، (۲۲) حاجی محمد جمیل چنیوٹ، (۲۳) حضرت پیر صفدر حسین چنیوٹ، (۲۴) حضرت پیر عابد علی چنیوٹ، (۲۵) حاجی عبدالرحمن چارسدہ، (۲۶) حضرت مولانا مفتی محمد یار چارسدہ، (۲۷) حضرت مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ، (۲۸) جناب وحید گل ایم. پی. اے ن لیگ، لاہور، (۲۹) جناب علامہ رجیع اللہ لاہور، (۳۰) ڈاکٹر محمد فاروق لاہور، (۳۱) حضرت مولانا غلام مصطفےٰ چناب نگر، (۳۲) سید ضیاء الحسنین شاہ چناب نگر، (۳۳) حضرت مولانا ملک خلیل احمد چنیوٹ، (۳۴) مولانا محمد رضوان عزیز چناب نگر، (۳۵) پروفیسر صفدر حسین قریشی چناب نگر، (۳۶) رانا امان اللہ چناب نگر، (۳۷) سید نور الحسن شاہ چنیوٹ، (۳۸) مولانا عبدالواحد نفیسی چنیوٹ (۳۹) جناب عبدالرؤف روفی مانسہرہ، (۴۰) جناب شیخ عبدالغفار پنوں عاقل، (۴۱) جناب محمد رمضان بگھیلا ہڑپہ۔

تقریری مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کرام کی فہرست درج ذیل ہے:

رول نمبر	نام طالبعلم مع ولدیت	ضلع	پوزیشن
76	محمد وقاص بن سارنگ علی	فیصل آباد	اوّل
753	محمد خرم شہزاد بن محمد عبدالستار	سرگودھا	دوم
271	معاذ احمد بن مطیع الحق	اٹک	سوم

امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کرام کی فہرست درج ذیل ہے:

رول نمبر	نام طالبعلم مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر	پوزیشن
449	نوید اقبال بن پیر زمان خان	صوابی	257	اوّل
44	محمد اشفاق بن محمد صادق	بہاول پور	242	دوم
807	اعجاز علی بن گلزار محمد	مردان	240	سوم

امسال کے تجربہ کے بعد آئندہ سال کے لئے فیصلہ کیا گیا:

۱...... امسال کورس میں شرکت کرنے والے حضرات اگلے سال مزید رفقاء کو بھجوائیں۔ خود تشریف نہ لائیں۔

۲...... اگلے سال کا داخلہ گزشتہ سال کی کمپیوٹرائزڈ فہرستوں کی چھان بین کے بعد ہو۔ تاکہ دوبارہ حضرات شرکت نہ کریں۔

۳...... اگلے سال حاضری کے بعد تعلیم کے آغاز پر ہی تمام کمروں کو مقفل کر دیا جائے۔ اس کے لئے مستقل حضرات کی ڈیوٹی لگائی جائے۔

۴...... سبق کے دوران تمام گیٹ بند کر دیئے جائیں۔ کسی نے باہر جانا ہو تو تحریری اجازت نامہ مجاز اتھارٹی سے حاصل کئے بغیر نہ جاسکیں۔

۵...... دو ٹائم کی حاضری کے علاوہ گاہے بگاہے معمول سے ہٹ کر بھی حاضری لی جائے۔ تاکہ شرکاء کی اسباق میں غیر حاضری کا کوئی چانس باقی نہ رہنے دیا جائے۔

۶...... رول نمبر کے اعتبار سے ہر دس ساتھیوں پر مشتمل گروپ بنائے جائیں۔ ان کے امیر مقرر کئے جائیں۔ جو اپنے رفقاء کی حاضری کی رپورٹ دیتے رہیں۔ اس سے نظم مزید بہتر ہو سکے گا۔

اختتامی تقریب کے سٹیج سیکرٹری مولانا عزیز الرحمٰن ثانی تھے۔ آپ نے آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک برابر ڈائس پر کھڑے رہ کر کارروائی کو چلایا۔ اختتامی دعا حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب مدظلہ نے فرمائی۔ مہمانوں نے کھانا تناول کیا اور گھروں کو جانا شروع ہوئے۔ عصر کے بعد تک مہمانوں کے تشریف لے جانے کا عمل مکمل ہوا۔ ان گنت تعریفیں حق تعالیٰ کی جس کے بے پایاں کرم کی بارش اس کورس پر ہر لمحہ جاری رہی۔ ان گنت بار درود و سلام حضرت خاتم النبیین ﷺ کی روح پر فتوح پر جن کی عظمتوں کے جھنڈے ان شرکاء کورس کے ذریعہ ملک بھر میں بلند ہوں گے اور آپ کے اعزاز و وصف خاص ختم نبوت کا پھریرا چاردانگ عالم میں مزید در مزید بلند تر ہوتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مجلس تحفظ ختم نبوت کی ان خدمات کو حق تعالیٰ شرف قبولیت سے سرفراز فرمائیں اور تمام رفقاء کو بے ریا اس خالص مقبول عمل کے لئے بیش از بیش خدمت کی توفیق رفیق فرمائیں۔ آمین بحرمة النبی الکریم!

ڈپٹی چیئرمین سینٹ پر حملہ کی مذمت

جمعیت علماء اسلام کے صد سالہ عالمی اجتماع کی ہر اعتبار سے کامیابی نے جہاں اسلام اور مسلمانوں کے بارہ میں مغربی قوتوں اور دین دشمنوں کے پھیلائے گئے کئی خدشات واعتراضات کا مثبت اور مسکت جواب دے دیا تھا۔ وہاں یہ بات بھی روز روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ پاکستان اب بھی اسلام کا قلعہ اور یہاں کی عوام دین، مذہب اور اسلامی نظام کے نفاذ کی خواہاں ہے۔ اسی طرح اس اجتماع سے دنیا کو یہ پیغام بھی ملا کہ جمعیت علماء اسلام ہی وہ واحد نظریاتی جماعت ہے جو دلیل کی بنیاد پر بات کرتی ہے اور تمام باشندگانِ پاکستان کی یہ واحد نمائندہ جماعت ہے جو پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے۔ اس لئے پاکستان میں امن کی دشمن لابیوں نے نئی صف بندی شروع کردی اور انہوں نے اس جماعت کے قائدین پر ایک بار پھر سفاکانہ اور دہشت گردانہ حملے شروع کردیئے:

”اخباری اطلاعات کے مطابق کوئٹہ سے ۵۰ کلومیٹر دور مستونگ میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ اور جے یو آئی کے مرکزی سیکریٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر خودکش حملے میں ۳۰ر افراد شہید اور عبدالغفور حیدری سمیت ۳۷ر زخمی ہوگئے۔ کئی گاڑیاں تباہ ہوگئیں۔ جاں بحق ہونے والوں میں مولانا عبدالغفور حیدری کا اسٹاف افسر، ڈرائیور اور جے یو آئی کوئٹہ کے نائب امیر بھی شامل ہیں۔ دھماکے سے متعدد گاڑیوں کے پرخچے اڑگئے۔ مستونگ اور کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ جمعہ کے روز مستونگ کے کلی غلام پڑنگ آباد میں مولانا عبدالغفور حیدری، مدرسہ میں فارغ التحصیل طالبات کے لئے شال پوشی کانفرنس سے خطاب کے بعد واپسی کے لئے مدرسے کے باہر گاڑی میں بیٹھے ہی تھے کہ خودکش حملہ آور نے قافلے سے موٹر سائیکل ٹکرادی۔ شدید زخمیوں کو سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کردیا گیا۔ وزیر داخلہ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مستونگ دھماکے کی تحقیقات جاری ہیں۔ حملہ آور کا ڈی این اے ٹیسٹ کیا جائے گا۔ کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل عامر ریاض نے سی ایم ایچ کوئٹہ میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ ودیگر زخمیوں کی عیادت کی اور ان کی صحت یابی کی دعا کی۔ وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کی ہدایت پر صوبائی سیکریٹری صحت عصمت اللہ کاکڑ نے بھی زخمیوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے ہسپتالوں کا دورہ کیا۔“ (روزنامہ ایکسپریس کراچی،۱۳ر مئی ۲۰۱۷ء)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہ، نائب امیر مرکزیہ حضرت حافظ ناصر الدین خاکوانی مدظلہ وحضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف، ناظم اعلیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری مدظلہ، حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ، حضرت مولانا محمد

اسماعیل شجاع آبادی صاحب اور دیگر حضرات نے حضرت مولانا عبدالغفور حیدری صاحب پر دہشت گردانہ حملے کی بھرپور مذمت کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس سانحہ کی جلد از جلد تحقیقات کو مکمل کر کے اس کے کرداروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

پاکستانی عوام بڑی باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے کہ اگر کسی قوال یا گویئے یا بے دین شخص پر کوئی حملہ ہوتا ہے تو انتظامیہ اوپر سے نیچے تک متحرک اور الرٹ ہوجاتی ہے۔ ان کے قاتل، سہولت کار اور تعاون کرنے والے سب بہت جلد منظر عام پر آجاتے ہیں اور ان کو سزائیں بھی ہوجاتی ہیں۔ لیکن اگر کسی عالم دین یا مذہبی شخصیت پر کوئی حملہ ہوتا ہے تو اس کے قاتلوں کو پکڑنا تو دور کی بات ہے۔ ایسے سانحات کو ہی چند دنوں کے بعد ذہنوں اور منظر عام سے بالکل محو کر دیا جاتا ہے۔ کیا کہا جائے کہ علماء اور دینی طبقہ اس ملک کے باسی نہیں؟ کیا ان کے کوئی حقوق نہیں؟ آخر ارباب اقتدار روز محشر احکم الحاکمین کے سامنے کیا جواب دیں گے؟۔

حکمرانوں اور ارباب اختیار کو یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہئے کہ حضرت مولانا عبدالغفور حیدری، صرف عالم دین اور جمعیت علماء اسلام کے جنرل سیکریٹری نہیں۔ بلکہ آپ سینیٹ کے ڈپٹی چیئرمین بھی ہیں اور ان پر حملہ براہ راست حکومتی ایوانوں کو نشانہ بنانا ہے۔ کل کا مورخ یہ نہیں لکھے گا کہ مولانا عبدالغفور حیدری پر حملہ ہوا۔ بلکہ وہ کہے گا کہ ایوان بالا کے نائب پر حملہ ہوا تھا اور حکومت اتنی بے بس تھی کہ وہ ان پر حملہ آوروں کو نہیں پکڑ سکی۔ جمعیت علماء اسلام صوبہ سندھ کے نائب امیر حضرت مولانا قاری محمد عثمان صاحب کے اس بیان میں بڑا وزن ہے کہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مولانا عبدالغفور حیدری کو بلٹ پروف گاڑی اور سیکورٹی مہیا نہ کرنا خود سوالیہ نشان ہے۔

”اس موقع پر صدر ممنون حسین اور وزیراعظم نواز شریف نے مستونگ میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مولانا عبدالغفور حیدری کے قافلے پر حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے ہدایت کی۔ انہوں نے مولانا عبدالغفور حیدری سمیت دیگر زخمیوں کی جلد صحت یابی، شہدأ کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کا جوانمردی سے مقابلہ کررہی ہے۔ سیکورٹی فورسز پورے ملک میں دہشت گردوں کا پیچھا کر رہی ہیں۔ آخری دہشت گرد کے خاتمہ تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ وزارت داخلہ کے مطابق وزیر داخلہ چوہدری نثار نے دھماکا کی شدید مذمت کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری سے خیریت دریافت کی۔ جبکہ ایف سی اور بلوچستان پولیس سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے مستونگ میں عبدالغفور حیدری پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس واقعہ کو پاکستان میں جے

یو آئی کی امن کاوشوں پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے پارٹی کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا امجد خان سے گفتگو اور ٹیلیفون پر جماعت کے ذمہ داروں سے اس واقعہ کی تفصیلات بھی معلوم کیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے پارلیمنٹ لاجز میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ شکست خوردہ عناصر کی کارروائی ہے جو ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ ہم پاکستان، آئین پاکستان، جمہوریت اور قانون کی بالادستی کے ساتھ کھڑے ہیں اور اپنا سفر جاری رکھیں گے۔ تمام مکاتب فکر کے علماء کرام مسلح جدوجہد کو مسترد کر چکے ہیں۔ مستونگ واقعہ کے خلاف اتوار کے روز پورے ملک میں یوم سوگ اور یوم احتجاج منایا جائے گا۔ دریں اثنا وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے تعزیتی پیغام میں کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی دین اور مذہب نہیں ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ دہشت گردی کے عفریت کو ختم کرنے کے لئے پاکستانی عوام کا جذبہ قربانی دنیا میں بے مثال ہے۔ چیئر مین سینیٹ رضا ربانی، قائد ایوان سینیٹ راجہ ظفر الحق اور قائد حزب اختلاف اعتزاز احسن نے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہدأ کے لئے مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر کی دعا کی۔'' (روزنامہ ایکسپریس کراچی، ۱۳؍مئی ۲۰۱۷ء)

اللہ تعالیٰ اس سانحہ میں شہید ہونے والوں کی مغفرت فرمائے۔ ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ زخمیوں کو جلد از جلد صحت یابی سے ہمکنار فرمائے اور پاکستان کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنائے۔ آمین!

وجود باری تعالیٰ کی دلیل

چند لوگ امام ابوعبداللہ بن ادریس الشافعی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا اللہ عزوجل کے وجود پر کوئی دلیل بیان کریں؟

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پل بھر کے لئے سوچا اور ان سے فرمایا کہ وجود باری تعالیٰ پر دلیل کے لئے تو بس یہ شہتوت کا پتا ہی کافی ہے۔ لوگوں نے اس عجیب وغریب جواب پر تعجب کا اظہار کیا اور کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ کے وجود پر دلیل یہ شہتوت کا پتا؟ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: شہتوت کے پتے کا مزہ تو ایک ہی ہے۔ مگر جب اسے ریشم کا کیڑا کھاتا ہے تو وہ ریشم نکالتا ہے۔ جب شہد کی مکھی کھاتی ہے تو وہ شہد دیتی ہے اور جب ہرن کھاتا ہے تو مشک کی پیاری خوشبو دیتا ہے۔ پھر وہ کون سی ہستی ہے جس نے ایک ہی چیز کو مختلف رنگ اور خواص دیئے ہیں۔ یقیناً وہ ہستی اللہ تعالیٰ ہی کی ہے جس نے اس عظیم کائنات کو پیدا فرمایا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس فیصلہ کن جواب نے سائلین کو متحیر کر دیا اور انہیں شہتوت کے پتے میں اللہ تعالیٰ کے وجود پر مستحکم دلیل مل گئی۔ (مراسلہ: رانا محمد طارق سلیم)

محسن کائنات ﷺ کا تحفہ قبول کیجئے

مفتی محمد عمر فاروق

اللہ تعالیٰ کے بعد انسانوں پر سب سے بڑا احسان اس نبی ورسول کا ہوتا ہے جس کے ذریعہ ان کو ایمان کی دولت عظمیٰ نصیب ہوئی۔ اس امت کو کفر کی ظلمتوں اور تاریکیوں سے نجات دلاکر نور ایمان کی دولت سے بہرہ ور کرنے والے اللہ تعالیٰ کے محبوب اور آخری نبی مرسل حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔اس لئے یہ امت اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے زیادہ آنحضرت ﷺ کی ممنون احسان ہے۔ پھر جس طرح اللہ تعالیٰ جو خالق ومالک اور پروردگار ہے۔اس کا حق ہے کہ اس کی تسبیح وتقدیس اور عبادت کی جائے۔اس کی عظمت اور کبریائی کا اعتراف کر کے اس کے سامنے نیازمندی کی جائے۔

اسی طرح اس کے پیغمبروں کا بھی حق ہے کہ ان پر درودوسلام بھیجا جائے۔یہ دراصل ان محسنوں کی بارگاہ میں عقیدت ومحبت کا ہدیہ، وفاداری ونیازکشی کا نذرانہ اور ممنونیت وسپاس گذاری کا اظہار ہوتا ہے۔ ورنہ بادشاہوں کو فقیروں اور مسکینوں کے ہدیوں اور تحفوں کی کیا ضرورت؟

ہمارے ہدیئے اور تحفے کی مثال تو ایسی ہے جیسے کوئی بڑے بادشاہ کے دربار میں جاتے ہوئے بادشاہ کی خوشنودی اور قرب حاصل کرنے کے لئے ہدیہ یا تحفہ بطور نذرانہ ساتھ لے جائے۔ جب کہ درحقیقت اس بادشاہ کو نذرانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

قدیم زمانہ میں ایک دیہاتی نے ارادہ کیا کہ میں بغداد جاکر بادشاہ اور امیرالمومنین سے ملاقات کروں اور وہ آج کل کے بادشاہ کی طرح نہیں ہوتے تھے کہ چھوٹی سی ریاست لے کر بیٹھ گئے اور بادشاہ بن گئے۔ بلکہ اس وقت بغداد کے خلیفہ کی آدھی دنیا پر حکومت تھی۔ بہرحال جاتے وقت اس دیہاتی نے اپنی بیوی سے مشورہ کیا کہ میں بادشاہ کے دربار میں جارہا ہوں تو اس کے لئے کوئی تحفہ اور نذرانہ بھی لے کر جانا چاہئے۔اب کیا تحفہ لے کر جاؤں؟ جو بادشاہ کے لائق ہو اور بادشاہ اس کو دیکھ کر خوش ہو جائے۔ بیوی نے مشورہ دیا کہ ہمارے گھر کے مٹکے میں جو پانی ہے۔ وہ کنویں کا صاف شفاف اور میٹھا پانی ہے۔ ایسا پانی بادشاہ کو کہاں میسر آتا ہوگا؟ لہٰذا یہ پانی لے جاؤ۔اس دیہاتی کی عقل میں بیوی کی بات آگئی۔اس نے وہ پانی کا گھڑا سر پر اٹھایا اور بغداد کی طرف چل دیا۔

جب بادشاہ کے دربار میں حاضری ہوئی تو عرض کیا کہ حضور! میں آپ کی خدمت میں ایک تحفہ لے

کر آیا ہوں۔ بادشاہ نے پوچھا: کیا تحفہ لائے ہو؟ اس دیہاتی نے وہ مٹکا پیش کر دیا اور کہا یہ میرے گاؤں کے کنویں کا صاف شفاف اور میٹھا پانی ہے۔ یہ آپ کے لئے نذرانہ ہے۔ آپ قبول فرمالیں۔

بادشاہ نے اس کی دلجوئی کے لئے اس پانی کی تعریف کی اور حکم جاری کیا کہ اس کے عوض اس کو ایک گھڑا اشرفیوں سے بھر دو۔ بادشاہ نے اس دیہاتی کو رخصت کرتے وقت اپنے کارندے سے کہا کہ ساتھ جاؤ اور جاتے ہوئے اس کو دریائے دجلہ کی طرف سے لے کر جانا جس کا پانی نہایت صاف شفاف اور میٹھا تھا۔

اسی طرح سرکار دو عالم ﷺ بھی ہم فقیروں اور مسکینوں کے تحائف اور ہدایا کے محتاج نہیں۔ بلکہ حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے عطاء کئے گئے ہدایا اور تحائف اتنے عظیم ہیں کہ دجلہ کے پانی کے مقابلے میں دیہاتی کے باسی پانی کا مٹکا بطور مثال پیش کرنا بھی کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

مگر محسن کائنات ﷺ کی شفقت پر قربان جائیں جو ہمارے ہدایا اور تحائف قبول فرما کر اس سے بہت ہی عمدہ تحفے اور ہدایا سے نواز کر دلجوئی اور عزت افزائی فرماتے ہیں۔ چنانچہ سیرت طیبہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جب کوئی شخص حضور ﷺ کی خدمت میں ہدیہ اور تحفہ لاتا تو آپ ﷺ کوشش فرماتے کہ اس کے جواب میں اس سے بہتر تحفہ اس کو پیش کریں۔ تاکہ اس کی مکافات ہوجائے۔ ساری زندگی آپ ﷺ کا یہی معمول رہا۔

درود شریف بھی حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں ہدیہ اور تحفہ ہے اور چونکہ ساری زندگی آپ ﷺ کا معمول مبارک یہ تھا کہ جواب میں اس سے بڑھ کر ہدیہ عنایت فرماتے تھے۔ تو آج جب ملائکہ یہ کہہ کر آپ ﷺ کی خدمت میں درود شریف پیش کریں گے کہ آپ کے فلاں بن فلاں امتی نے آپ کی خدمت اقدس میں درود شریف کا یہ تحفہ بھیجا ہے تو ساری زندگی کے معمول مبارک اور آپ ﷺ کی شان کریمی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ﷺ اس ہدیہ کا جواب بھی اپنی شایان شان ضرور عنایت فرمائیں گے۔ جوابی ہدیہ کی صورت یہ ہوگی کہ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے کہ جس طرح اس بندے نے میری روح کو تسکین پہنچانے کے لئے مجھے درود وسلام کا ہدیہ بھیجا ہے۔ اے اللہ! اس بندے کی تمام حاجتیں پوری فرما اور اس کی پریشانیاں دور فرما کر اس کے دل مضطر کو قرار نصیب فرما۔

ہمارے اکابر بالخصوص شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ؒ کا معمول بھی یہی رہا کہ ہر حاجت، ہر بیماری، ہر پریشانی، ہر غم، ہر دکھ، ہر تکلیف، ہر مصیبت اور ہر مشکل سے نجات کے لئے کثرت سے درود شریف کی تلقین وتاکید فرماتے تھے۔

حضرت مولانا محمد عابد مدنی مدظلہ فرمایا کرتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں جب کوئی شخص شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ؒ سے اپنی حاجت اور پریشانی کا اظہار کرتا اور دعاؤں کی درخواست

کرتا تو شیخ الحدیث ﷫ فرماتے تین تسبیح درود شریف پڑھ کر دعا کرلو۔ اگر وہ شخص بہت ہی زیادہ پریشانی کا اظہار کرتا تو شیخ الحدیث ﷫ فرماتے کہ پھر پانچ تسبیح پڑھ کر دعا کرلو۔

حضرت مولانا منظور احمد نعمانی مدظلہ فرماتے ہیں کہ: ''مدرس حرم مکی حضرت مولانا محمد مکی حجازی مدظلہ پر ایک مقدمہ تھا۔ مدینہ منورہ گئے تو شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا کاندھلوی ﷫ سے مقدمہ کے سلسلہ میں دعاؤں کی درخواست کی تو حضرت شیخ الحدیث ﷫ نے فرمایا: مکی! بڑے عجیب آدمی ہو۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی موجودگی کے باوجود مجھ سے دعا کا کہتے ہو؟ جاؤ! روضہ مبارک پر جاکر میرا سلام بھی عرض کرو اور اپنے لئے دعاء کی درخواست بھی کرو۔

مکی صاحب فرماتے ہیں کہ میں گیا۔ دعا کی درخواست کی۔ حضرت کی طرف سے سلام بھی عرض کیا۔ بمشکل تین یا چار دن گزرے ہوں گے کہ پاکستان سے فون آگیا کہ مسئلہ حل ہوگیا۔ مقدمہ ختم ہوگیا ہے اور عدالت نے آپ کو بری کردیا ہے۔ سبحان اللہ!

اب حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں دعا کی درخواست کرنے اور آپ ﷺ سے ہدایا حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ ﷺ پر کثرت سے درود شریف بھیجیں۔ اس کے جواب میں آپ ﷺ ہمارے حق میں دعا فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ کے محبوب محمد مصطفیٰ ﷺ کی خدمت اقدس میں صلوٰۃ وسلام، عقیدت ومحبت کا ہدیہ ونذرانہ پیش کرنے والا ''محب امتی'' جس حال میں ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے حال اور اپنی شان کے مناسب اسے راحت وسکون، خوشحالی، کامیابی وکامرانی، صحت وعافیت اور سلامتی کی بیش بہا نعمتوں کا اپنے محبوب ﷺ کی جانب سے جوابی ہدیہ اور تحفہ عنایت فرماکر اپنے اور اپنے محبوب ﷺ کے محب اور محبوب بندوں میں شامل فرمائیں گے۔

فرمان نبوی ہے:

تہادوا تحابوا ایک دوسرے سے ہدایا کا تبادلہ کیا کرو...... اس سے محبت بڑھتی ہے۔

تو پھر تاخیر کس بات کی ہے......!

زندگی کے ہیں دو ''جہاں''
اک یہ ''جہاں'' اِک وہ ''جہاں''
ان دونوں جہانوں کے درمیان
بس اِک فاصلہ ہے سانس کا
جو چل رہی ہے تو یہ ''جہاں''
جو رُک گئی تو وہ ''جہاں''
سانسوں کی اس مالا میں
موتی پرو لو ''درود'' کے
پھر یہ ''جہاں'' ہو یا وہ ''جہاں''
ہمارے ساتھ ہوں گے تاجدار دوجہاں

سید الشہداء ...... سیدنا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب

حافظ محمد انس

سیدنا حضرت حمزہؓ کا شمار شہدائے اسلام کے ان صحابہ کرامؓ میں ہوتا ہے جن کے جلیل القدر ہونے پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے۔ آپ کے حسب ونسب کے لئے اتنا جان لینا کافی ہے کہ آپ رحمت عالم ﷺ کے چچا اور آپ ﷺ کے والد محترم حضرت عبداللہ کے علاتی بھائی تھے۔ حضرت حمزہؓ کی کنیت ابوعمارہ بھی تھی اور ابو یعلیٰ بھی۔ سید الشہداء، اسد اللہ اور اسد الرسول آپ کے مشہور القاب ہیں۔ قریش کے نامور بہادر شخصیات میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ سیر و شکار آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ بعثت کے بعد رحمت عالم ﷺ کو دعوت توحید اور کلمہ حق بلند کرتے ہوئے ایک عرصہ بیت چکا تھا۔ لیکن حضرت حمزہؓ نے رحمت دو عالم ﷺ سے بے پناہ محبت کے باوجود کبھی دعوت حق کی طرف توجہ نہ کی۔ انہوں نے اپنی زندگی کا مقصد تازہ شکار کرنا اور کھانا بنا رکھا تھا۔ ان کے دن رات کے اس مشغلہ کے دوران پیش آنے والے ایک واقعہ نے ان کی ایمانی وقلبی دنیا کو ایسا بدلا کہ وہ دین حق کے ایک جانباز سپاہی بن گئے۔

ایک روز رحمت عالم ﷺ دار ارقم سے نکل کر صفا کے قریب سے گزر رہے تھے یا دعوت توحید دے رہے تھے کہ ابوجہل کا گزر بھی اسی طرف ہوا۔ اس کے ساتھ اس کے دو ساتھی اور بھی تھے۔ ابوجہل نے رحمت عالم ﷺ کو دیکھا تو اس کے جسم و جاں میں آگ بھڑک اٹھی اور اس نے رحمت عالم ﷺ کو بے تحاشا گالیاں دینا شروع کیں اور دین حق سے متعلق بھی نازیبا الفاظ استعمال کئے۔ بعض روایات میں ہے کہ ابوجہل نے حضور ﷺ پر مٹی اور گوبر بھی پھینکا۔ رحمت عالم ﷺ نے صبر وتحمل سے کام لیا اور ابوجہل کی کسی بات یا فعل کا کوئی جواب نہ دیا۔ یہاں تک کہ ابوجہل تھک ہار کر بکتا ہوا چلا گیا۔ رحمت عالم ﷺ بھی اس جگہ سے تشریف لے گئے۔ اتفاق یہ ہوا کہ بنو تیم کے رئیس عبداللہ بن جدعان کی لونڈی کوہ صفا پر اپنے گھر میں بیٹھی یہ سارا واقعہ دیکھ رہی تھی۔ حضرت حمزہؓ شکار سے واپسی پر اسی جانب آنکلے۔ حضرت حمزہؓ کو دیکھ کر وہ لونڈی مخاطب ہوئی اور کہا کہ اے ابوعمارہ! کاش کہ تھوڑی دیر پہلے تم یہاں موجود ہوتے تو دیکھتے کہ عمرو بن ہشام یعنی ابوجہل نے تمہارے بھتیجے کے ساتھ کیسی بدسلوکی کی ہے۔ نہایت سخت گالیاں بھی دیں اور بری طرح ستایا بھی۔ لیکن ابن عبداللہ (ﷺ) نے کوئی جواب نہ دیا اور وہ واپس چلے گئے۔ بعض جگہ یہ بھی آتا ہے کہ حضرت صفیہؓ بنت عبدالمطلب نے اپنے بھائی حضرت حمزہؓ کو اس واقعہ سے آگاہ کیا۔

حضرت حمزہؓ کا یہ سننا تھا کہ آپ کی غیرت وحمیت جوش میں آئی۔ سیدھا خانہ کعبہ کا رخ کیا۔

جہاں ابو جہل مشرکین مکہ کی مجلس میں بیٹھ کر لایعنی باتوں میں مشغول تھا۔ حضرت حمزہؓ نے وہاں پہنچ کر اپنی کمان اس کے سر پر دے ماری۔ جس کی وجہ سے زخم بھی ہوا اور خون بھی جاری ہوا۔ پھر گرج دار آواز میں کہا کہ: ”تو محمد (ﷺ) کو گالیاں دیتا ہے۔ میں بھی انہی کے دین پر ہوں جو کچھ وہ کہتے ہیں میں بھی وہی کہتا ہوں۔ اگر تجھ میں ہمت ہے تو ذرا مجھے بھی گالیاں دے کر دیکھ۔“

ابو جہل کو لہولہان دیکھ کر بنو مخزوم کے کچھ لوگ حمایت میں کھڑے ہو گئے۔ حضرت حمزہؓ پر حملے کا ارادہ کیا۔ لیکن ابو جہل نے یہ کہہ کر روک دیا کہ ابو عمارہ کو چھوڑ دو۔ میں نے اس کے بھتیجے کو گالیاں دی ہیں جن کی وجہ سے اس کو غصہ آ گیا ہے۔ ابو جہل کے حامیوں نے کہا کہ حمزہ! شاید تم بھی بے دین ہو گئے ہو۔ حضرت حمزہؓ نے فرمایا: ”میرا دین بھی وہی ہے جو محمد (ﷺ) کا ہے جب مجھ پر حق واضح ہو چکا ہے تو مجھے قبول اسلام سے کون باز رکھ سکتا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور جو کچھ وہ کہتے ہیں وہ سراسر حق ہے۔ خدا کی قسم میں اب اس بات سے ہرگز نہیں پھر سکتا۔ تم سچے ہو تو مجھے روک کر دیکھ لو۔“

حضرت حمزہؓ نے جوش حمیت میں اپنے اسلام کا اعلان تو کر دیا۔ لیکن جب گھر پہنچے تو دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ: ”میں نے قریش کا سردار ہوتے ہوئے محمد کا دین قبول کر لیا اور اپنے آبائی دین سے پھر گیا۔ یہ بڑی شرم کی بات ہے۔ اس سے تو مرجانا ہی اچھا ہے۔“ اسی وسوسہ اور تردد میں انہوں نے اللہ سے دعا کہ: ”اے اللہ! یہ راستہ جو میں نے اختیار کیا ہے اگر اس میں کوئی بھلائی ہے تو میرے دل کو اس کی تصدیق سے سکون وتسلی بخش۔ وگرنہ جس چیز کے اندر میں مبتلا ہوں میرے لئے اس سے نکلنے کی کوئی صورت پیدا کر دے۔“

اسی کشمکش میں رات گزاری۔ صبح ہوتے ہی رحمت عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ذہنی الجھن کا حال بیان کیا۔ رحمت عالم ﷺ نے اسلام کی حقانیت سمجھائی۔ اللہ کا خوف دلایا اور قبول حق کے بدلے جنت کی بشارت دی۔ رحمت عالم ﷺ کے ارشادات سن کر حضرت حمزہؓ کا دل یقین اور ایمان کے نور سے منور ہو گیا اور پکار اٹھے: ”میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ صادق ہیں۔ آپ اپنے دین کا خوب اظہار کیجئے۔ واللہ! مجھے یہ بات بالکل پسند نہیں کہ میرے اوپر آسمان سایہ فگن ہو اور میں اپنے پہلے دین پر قائم رہوں۔“

قبول اسلام کے بعد حضرت حمزہؓ کا بیشتر وقت دار ارقم میں آپ ﷺ کی خدمت میں گزرنے لگا۔

سن تین ہجری ماہ شوال میں غزوہ احد پیش آیا۔ اس غزوہ کے لئے ہندہ نے اپنے باپ عتبہ کا اور جبیر بن مطعم نے اپنے چچا طعیمہ کا انتقام لینے کے لئے وحشی کو حضرت حمزہؓ کے قتل پر آمادہ کر کے اس کو آزاد کرنے اور انعامات سے نوازنے کا وعدہ کر رکھا تھا۔ غزوہ میں وحشی نے موقع پا کر اپنا بھالا حضرت حمزہؓ کو مارا۔ حضرت حمزہؓ نے اس پر حملہ کرنا چاہا۔ مگر آپ لڑکھڑا کر گر پڑے اور آپ کی روح مطہر

عالم بالا کو پرواز کر گئی۔ حضرت حمزہ ؓ کی شہادت پر مشرکین کو کمال درجے کی مسرت ہوئی اور ان کی عورتوں نے خوشی کے ترانے گائے۔ ہندہ بنت عتبہ نے اپنے دل کی بھڑاس یوں نکالی کہ سیدنا حمزہ ؓ کی لاش مبارک سے کان، ناک، ہونٹ کاٹ لئے۔ اس کے بعد شکم چاک کر کے جگر نکالا اور چبا چبا کر نگلنے کی کوشش کی۔ مگر نگل نہ سکی۔

اس غزوہ میں ستر جاں نثار صحابہ کرام ؓ نے جام شہادت نوش فرمایا۔ خود رحمت عالم ﷺ بھی اس لڑائی میں شدید زخمی ہوئے۔ لیکن آپ ﷺ کو اپنے جانثاروں کے بچھڑے کا شدید صدمہ تھا۔ لڑائی کے بعد حضور ﷺ میدان جنگ کے جائزے کے لئے نکلے تو میدان جنگ دل دوز منظر پیش کر رہا تھا۔ رحمت عالم ﷺ کی آنکھوں سے سیل اشک رواں تھا۔ گشت کرتے ہوئے آپ ﷺ ایک لاش کے قریب آ کر رک گئے۔ رحمت عالم ﷺ نے اس لاش کو دیکھا تو آپ ﷺ کا دل بھر آیا اور لسان رسالت پر یہ الفاظ جاری ہو گئے: ''تم پر خدا کی رحمت ہو۔ کیونکہ جہاں تک مجھے معلوم ہے تم قرابت داروں کا سب سے زیادہ خیال رکھتے تھے۔ نیک کاموں میں پیش پیش رہتے تھے۔''

حضرت حمزہ ؓ کی حقیقی بہن حضرت صفیہ ؓ بھائی کا حال معلوم کرنے مدینہ سے نکلیں۔ حضور ﷺ نے ان کے صاحبزادے حضرت زبیر ؓ کو بلا کر فرمایا کہ صفیہ ؓ حمزہ ؓ کی لاش نہ دیکھنے پائے۔ حضرت زبیر ؓ نے ان کو لاش پر آنے سے منع کیا تو وہ بولیں کہ میں نے اپنے بھائی کا ماجرا سن لیا ہے۔ حضور ﷺ کی اجازت سے لاش پر گئیں تو بھائی کو ٹکڑے ٹکڑے دیکھ کر آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا۔ لیکن انا للہ وانا الیہ راجعون کے سوا زبان سے کچھ نہ نکلا۔ واپس جاتے ہوئے حضرت زبیر ؓ کو دو چادریں دیں کہ اپنے ماموں حضرت حمزہ ؓ کی تکفین ان چادروں میں کر دینا۔ لیکن قریب ہی ایک انصاری صحابی ؓ کی لاش موجود تھی۔ حضرت زبیر ؓ نے دونوں شہیدوں میں ایک ایک چادر تقسیم کر دی۔ حضرت حمزہ ؓ قد آور انسان تھے۔ اس لئے ایک چادر سے جب ان کا سر چھپایا جاتا تو پیر کھل جاتے اور پیر چھپاتے تو سر برہنہ ہو جاتا۔ آخر کار رحمت عالم ﷺ نے فرمایا کہ چہرے اور سر کو چادر سے ڈھانپ دو اور پاؤں پر گھاس ڈال دو۔ اس طرح رسول اللہ ﷺ کے چچا کا جنازہ تیار ہوا تو صحابہ کرام ؓ رونے لگے۔ حضور ﷺ نے پوچھا کہ تم کیوں رو رہے ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارے ماں باپ آپ پر قربان۔ آج ہم کو یہ توفیق بھی نہیں کہ آپ ﷺ کے چچا کا سارا بدن کپڑے سے ڈھانپ سکیں۔

سیدنا حضرت حمزہ ؓ کی شجاعت، بہادری، جانبازی، جاں نثاری، عظمت اور جلالت قدر کی ایسی ولولہ انگیز داستانیں موجود ہیں جو ہمیشہ اہل اسلام کے ایمانوں کو جلا بخشتی رہیں گی۔ انہیں صحابہ کرام ؓ کی بے شمار قربانیوں سے جہاں میں دین کی شمعیں پھیلیں ہیں۔ رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ!

اصحاب بدر کا اجمالی تعارف

قسط نمبر:26

مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

۲۴۱...... قتادہ بن نعمان بن زید الاوسیؓ

آنجناب کی کنیت ابوعمر تھی۔ آپ حضرت ابوسعید خدریؓ کے والدہ کی طرف سے بھائی تھے۔ آپ عقبہ اور غزوات بدر، احد، خندق اور تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ غزوہ احد میں آپ کی آنکھ زخمی ہو کر نکل کر رخسار پر آ گئی۔ بعض رفقاء نے فرمایا کہ اسے نکال کر پھینک دو۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ پھر حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ حضور ﷺ نے آنکھ کا ڈیلا اس کے مقام پر رکھ دیا۔ تو وہ دوسری آنکھ سے بھی زیادہ خوبصورت ہوگئی۔ آپ عرب کے بہادر اور فضلاء صحابہ کرامؓ میں سے تھے۔ فتح مکہ کے موقع پر ان کے ہاتھ میں بنوظفر کا جھنڈا تھا۔ آپ مدینہ میں ۶۵ رسال کی عمر میں فوت ہوئے۔ آپ سے سات احادیث منقول ہیں۔ حضرت ابوسعید خدریؓ اپنے اخیافی (ماں شریک) بھائی کے متعلق فرماتے ہیں کہ ایک رات گرج چمک کے ساتھ بارش ہورہی تھی تو سرور عالم ﷺ مسجد میں تشریف لائے۔ آپ نے فرمایا قتادہؓ ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کی جی یارسول اللہ ﷺ! قتادہؓ نے فرمایا مجھے یقین ہوا کہ آج رات نماز میں بہت کم حضرات ہوں گے تو میں نے کہا کہ مجھے ضرور جانا چاہئے۔ اس لئے یارسول اللہ میں حاضر ہوگیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا قتادہ جب جانے لگیں تو مجھے مل کر جائیں۔ میں حاضر ہوا تو سرور دو عالم ﷺ نے مجھے ایک لاٹھی عنایت فرمائی۔ فرمایا کہ یہ لاٹھی دس گز آگے اور دس گز پیچھے روشنی دے گی۔ (ابن ہشام ۲/۳۴۳)

۲۴۲...... قدامہ بن مظعون بن حبیب القرشی الجمعیؓ

آپ کی کنیت ابوعمر تھی بعض نے کہا کہ ابوعمرو تھی۔ والدہ محترمہ خزیمہ بنت الحویرث تھیں۔ حضرت قدامہ کا ایک بیٹا عمر اور بیٹی فاطمہ تھیں۔ اہلیہ محترمہ ہند بنت الولید بن عتبہ تھیں۔ دوسری بیٹی کا نام عائشہ تھا جو فاطمہ بنت ابوسفیان کی بیٹی تھیں۔ آپ نے حبشہ کی طرف دوسری ہجرت کی۔ آپ اپنے بھائیوں عبداللہ اور عثمان کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے۔ نیز غزوہ احد و خندق سمیت تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ ۳۶ ہجری میں ۶۸ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ (طبقات ابن سعد ۳/۴۰۱)

۲۴۳...... قطبہ بن عامر بن حدیدۃ الخزرجیؓ

آپ کی کنیت ابوزید تھی۔ والدہ محترمہ کا نام زینب بنت عمرو تھا۔ آپ کی اولاد میں ام جمیل تھیں۔ یہ

بیعت کرنے والوں میں شامل تھیں۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام ام عمرو بنت عمر بن خلید تھا۔ قطبہ عقبہ اولیٰ و ثانیہ دونوں میں شریک ہوئے۔ آپ کا شمار ان چھ حضرات میں ہوتا ہے۔ جو انصار میں سے سب سے پہلے مکہ مکرمہ میں مسلمان ہوئے۔ ان چھ سے پہلے کوئی مسلمان نہیں ہوا تھا۔ آپ کا شمار تیر انداز صحابہ کرامؓ میں ہوتا تھا۔ اپنے بھائی یزید کے ساتھ غزوہ بدر میں شریک ہوئے۔ نیز غزوہ احد، خندق سمیت تمام غزوات میں سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ شامل رہے۔ فتح مکہ کے موقع پر آپ کے ہاتھ میں بنو سلمہ کا جھنڈا تھا۔ غزوہ احد کے موقع پر آپ کو نو زخم لگے۔ آپ نے غزوہ بدر کے موقع پر دو صفوں کے درمیان پتھر رکھا۔ فرمایا کہ اگر یہ پتھر بھاگ اٹھے گا تو میں بھی بھاگ کھڑا ہوں گا۔ بصورت دیگر نہیں۔ حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں وفات پائی۔ (اسد الغابہ ۴/۴۲۹)

۲۴۴...... قیس ابن السکن بن قیس الخزرجیؓ

یہ ان حضرات میں سے ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی زندگی مبارک میں قرآن پاک جمع کیا تھا۔ ان کی اولاد یزید، اسحاق اور خولہ تھیں۔ ان کی اہلیہ محترمہ کا نام ام خولہ بنت سفیان تھا۔ آنجناب غزوات بدر، احد، خندق سمیت تمام غزوات میں شامل ہوئے۔ جسر بن ابی عبید کے موقع پر شہید کئے گئے۔
(طبقات ابن سعد ۳/۵۱۳)

۲۴۵...... قیس ابن ابی صعصعہ بن زید الخزرجیؓ

ابو صعصعہ کا نام عمرو تھا۔ قیس کے تین بھائی صحابیؓ تھے۔ لیکن غزوہ بدر میں شریک نہ ہو سکے۔ ان میں سے حارث ابن ابی صعصعہ مسیلمہ کذاب کے مقابلہ میں ہونے والی جنگ میں شریک ہوئے اور جام شہادت نوش فرمایا۔ ابو کلابؓ اور جابرؓ غزوہ موتہ کے موقع پر شہید ہوئے۔ قیس عقبہ ثانیہ میں ستر انصار کے ساتھ شریک تھے۔ نیز آپ غزوہ بدر و احد میں شریک ہوئے۔ عبداللہ ابن عبدالرحمٰن ابن ابی صعصعہ فرماتے ہیں کہ قیس غزوہ بدر کے موقع پر پیدل دستہ کے امیر مقرر ہوئے یعنی ساقہ پر۔ (الاصابہ ۳/۲۵۱)

۲۴۶...... قیس بن محصن ابن خالد الخزرجیؓ

آپ انصار کے قبیلہ خزرج سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام امیہ بنت قیس تھا۔ قیس کی ایک بیٹی ام سعد بنت قیس تھیں۔ جن کی والدہ محترمہ کا نام خولہ بنت فاکہ تھا۔ حضرت قیس غزوہ بدر و احد میں شریک ہوئے۔ آپ مدینہ طیبہ میں فوت ہوئے۔ (سبل الہدیٰ والرشاد ۴/۱۱۵)

۲۴۷...... قیس بن مخلد بن ثعلبہ الخزرجیؓ

آنجناب کی والدہ محترمہ کا نام الغیلطہ بنت مالک تھا۔ ان کا ایک بیٹا تھا۔ جس کا نام ثعلبہ تھا۔ آپ

بدر واحد میں شریک ہوئے اور احد میں جام شہادت نوش فرمایا۔ جو ماہ شوال المکرم ہجرت کا ۳۲ ویں ماہ ہوا۔
(الاصابہ ۳/۲۶۰)

۲۴۸...... ابوکبشہ الفارسیؓ

آپ کا نام سلیم تھا۔ دوس کی زمین میں پیدا ہوئے۔ بعض حضرات کا قول ہے کہ مکہ مکرمہ کے پیدائشی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں خرید کر کے آزاد فرمایا۔ آپ غزوات بدر، احد، خندق تمام غزوات میں سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ شامل رہے۔ ۱۳ھ ہجری میں اس دن انتقال فرمایا۔ جس دن حضرت فاروق اعظمؓ نے خلافت سنبھالی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ آپ نے حضرت فاروق اعظمؓ کے دور خلافت میں وفات پائی ۲۳ ہجری میں۔ جس دن حضرت عروہ بن زبیر فوت ہوئے۔ (اسد الغابہ ۴/۲۷۵)

۲۴۹...... کعب بن حمار بن ثعلبہ مولی الخزرجیؓ

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ آپ کے والد محترم کا نام جماز تھا۔ آپ غزوات بدر و احد میں شریک ہوئے۔ آپ نے اپنے پیچھے کوئی وارث نہ چھوڑا۔ (طبقات ابن سعد ۳/۵۶۰)

۲۵۰...... کعب بن زید بن قیس الخزرجیؓ

آپ کی والدہ محترمہ کا نام لیلیٰ بنت عبداللہ تھا۔ آپ صاحب اولاد تھے۔ آپ کا ایک بیٹا عبداللہ اور ایک بیٹی جمیلہ تھیں۔ آپ کی اہلیہ محترمہ کا نام ام الریاع بنت عبد عمرو تھا۔ آپ بدر، احد اور بیر معونہ میں شریک ہوئے۔ غزوہ خندق میں بھی شریک ہوئے۔ غزوہ خندق میں جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کو ضرار بن خطاب نے قتل کیا تھا۔ یہ ذی قعدہ ۵ھ ہجری کا واقعہ ہے۔ (ابن ہشام ۲/۲۶۳)

طواف کی ابتداء کیسے ہوئی

ملا علی قاری ؒ نے اپنے رسالہ اسرار الحج میں لکھا ہے کہ امام زین العابدین ؒ سے کسی نے پوچھا کہ طواف کی ابتداء کیسے ہوئی؟۔ تو انہوں نے فرمایا: جب اللہ رب العزت نے فرشتوں کو خطاب کر کے فرمایا ''انی جاعل فی الارض خلیفہ'' تو اس پر فرشتوں نے جو کچھ کہا وہ تو آپ حضرات کو معلوم ہی ہے۔ اس کے جواب میں اللہ رب العزت نے یہ جو فرمایا: ''انی اعلم مالا تعلمون''

اس کلام کے سیاق و سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ جلال میں تھے۔ فرشتوں نے جب یہ دیکھا تو وہ کانپ گئے اور وارفتگی کے عالم میں عرش عظیم کے اردگرد طواف کرنا شروع کر دیا۔ اللہ رب العزت کو یہ بات بہت پسند آئی اور فرمایا کہ بالکل اس کے نیچے کرۃ الارض میں بھی ایک گھر تعمیر کرو جہاں اسی طرح طواف ہوا کرے۔ (مجالس نفیس ؒ)

غزوہ احد

صاحبزادہ طارق محمود ﷫

سن ۳ رہجری شوال المکرم کے مہینہ میں حق و باطل کا ایک معرکہ ہوا تھا جسے غزوہ احد کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ ۲ رہجری رمضان المبارک میں غزوہ بدر ہوا تھا۔ تاریخ اسلام میں ان دونوں غزوات کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمان کو فتح ونصرت سے ہم کنار کیا تھا۔ یہ کامیابی وکامرانی کی جنگ تھی۔ جبکہ احد آزمائش اور امتحان کی جنگ تھی۔ بدر میں دشمنوں کے ستر سردار مارے گئے۔ جبکہ احد میں مسلمانوں کی طرف سے ستر صحابہ کرامؓ نے جام شہادت نوش فرمایا۔

غزوہ بدر میں مشرکین مکہ کی ذلت آمیز شکست ان کی رسوائی کا باعث بنی۔ ان کے عزیز واقارب اس جنگ میں مارے گئے۔ وہ آتش انتقام میں جل رہے تھے۔ ابوسفیان نے اعلان کر رکھا تھا کہ جب تک وہ مسلمانوں سے اپنی شکست کا انتقام نہیں لے لیتا۔ نہ وہ اپنی بیوی کے پاس جائے گا نہ اپنے سر میں تیل لگائے گا۔ چنانچہ مشرکین مکہ کی ایک میٹنگ ہوئی۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ابوسفیان کی زیر قیادت شام سے لائے گئے تجارتی سامان کی زر منافع کی رقم سے جنگی ساز وسامان خریدا جائے۔ یہ رقم تقریباً پچاس ہزار دینا تھی۔ اس کے علاوہ ایک فنڈ قائم کیا گیا جس میں ہر کسی نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ معروف عرب شاعر ابوعزہ کو قریش نے مجبور کیا کہ وہ اپنی شاعری کے ذریعے عرب قبائل کے اندر مسلمانوں کے خلاف نفرت وحقارت کی آگ لگا دے۔ پہلے تو اس نے عذر پیش کیا۔ لیکن اس کے باوجود ابوعزہ مشرکین مکہ کے جال میں آ گیا۔ چنانچہ اس نے کنانہ سے لے کر تہامہ تک اپنی شاعری کے ذریعہ عرب قبائل کو مسلمانوں کے خلاف خوب بھڑکایا۔ مشرکین مکہ کا ہر فرد بدر کے زخم چاٹ رہا تھا۔ وہ اپنے اپنے انتقام کی خاطر منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ جبیر بن مطعم کا چچا اور ہندہ کا باپ عتبہ غزوہ بدر میں حضرت حمزہؓ کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔ چنانچہ جبیر نے وحشی کو تیار کیا کہ اگر وہ حضرت حمزہؓ کو شہید کر دے تو اسے نہ صرف انعام واکرام سے نوازا جائے گا بلکہ اسے آزاد کر دیا جائے گا۔

مشرکین مکہ نے تین ہزار افراد پر مشتمل لشکر تیار کیا۔ جن کے پاس تین ہزار اونٹ۔ دو سو گھوڑے۔ سات سو زرہیں اور پندرہ وہ عورتیں تھیں جنہوں نے دف بجا کر اور گا کر اس معرکہ میں مشرکین مکہ کو جوش دلاتا تھا۔ تاکہ مشرکین مکہ نہ میدان سے بھاگیں اور نہ ہی اپنے حریف کو پشت دکھائیں۔

آنحضرت ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ جو بدر میں مسلمان ہو گئے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ کے حکم پر ابھی مکہ ہی میں مقیم تھے۔ انہوں نے ایک قاصد کے ذریعے اطلاع دی کہ دشمن آپ پر حملہ کرنے کے لئے

آ رہا ہے۔ یہ اطلاع ملنے پر سرکار دو عالم ﷺ نے مدینہ طیبہ پر پہرہ لگا دیا۔ دوسرے روز جمعۃ المبارک کا دن تھا۔ آپ نے اپنے جانثاروں کی ایک میٹنگ رکھی۔ اس نازک صورت حال اور مشرکین مکہ کی غیر معمولی تیاری کے پیش نظر فیصلہ یہ ہونا تھا کہ آیا دشمن کا مقابلہ قلعہ بند ہو کر کیا جائے یا کھلے میدان میں۔ آنحضرت ﷺ کی رائے تھی کہ مشرکین مکہ کا مقابلہ قلعہ بند ہو کر کیا جائے۔ جب کہ بعض صحابہ کرامؓ خصوصاً نوجوان صحابہ کرامؓ کا اصرار تھا کہ جنگ کھلے میدان میں ہونی چاہئے۔ وہ قلعہ بند کر کے لڑنا بزدلی سمجھتے ہیں۔

نبی کریم ﷺ کا خواب

آقائے نامدار ﷺ نے اسی رات ایک خواب دیکھا اور تین باتیں ارشاد فرمائیں:

۱...... میں مضبوط زرہ میں ہوں۔ ۲...... میرے سامنے گائے ذبح کی جارہی ہے۔ ۳...... میں نے تلوار چلائی تو اس کا اگلا حصہ ٹوٹ گیا۔ دوسری مرتبہ چلائی تو اس نے خوب کام کیا۔ آپ ﷺ نے یہ تعبیر بتائی کہ مضبوط زرہ سے مراد مدینہ ہے۔ گائے کا ذبح ہونا اس بات کی علامت ہے کہ میرے کچھ صحابہؓ اس جنگ میں شہید ہوں گے۔ تلوار کا پہلی مرتبہ ٹوٹ جانا اور دوسری مرتبہ خوب چلنا اس کی تعبیر یہ ہے کہ میدان جنگ کے پہلے راؤنڈ میں تکلیف و پریشانی پیش آئے گی۔ جبکہ دوسرے راؤنڈ میں مسلمانوں کی تلوار خوب چلے گی۔

نبی کریم ﷺ جنگ کے لباس میں

شوق شہادت کے طلب گاروں کا اصرار دیکھ کر حضور سرور کائنات ﷺ، حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ حجرہ میں تشریف لے گئے۔ آپ ﷺ نے ایک زرہ پہنی۔ اس کے اوپر ایک اور زرہ پہنی۔ سر مبارک پہ خود پہنا اور مسلح ہو کر باہر تشریف لے آئے۔ نبوت کے مزاج شناس صحابہ کرامؓ کو احساس ہوا کہ آنحضرت ﷺ کی رائے سے اختلاف نہ کرنا چاہئے تھا۔ صحابہ کرامؓ نے دست بستہ ہو کر درخواست کی کہ آپ ﷺ کی رائے سے اختلاف اچھی بات نہ تھی۔ وہ نوجوان جو اس بات پر اصرار کر رہے تھے، نادم ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کی جو حکم آپ ﷺ فرمائیں گے اس کی تعمیل کے لئے ہماری جانیں حاضر ہیں۔ سرکار دو جہاں ﷺ نے فرمایا: یاد رکھو! خدا کا پیغمبر جب ہتھیار پہن لیتا ہے تو پھر اس وقت تک نہیں اتارتا جب تک کہ فتح و شکست کا فیصلہ نہ ہو جائے۔

حضور اکرم ﷺ نے پچاس تیراندازوں کو حضرت عبداللہ بن جبیر کی قیادت میں احد کے درے پر مامور فرمایا اور حکم دیا کہ ہمیں فتح ہو یا شکست تم نے یہیں کھڑے رہنا ہے۔ جنگ کا آغاز ہوا تو مسلمانوں کا پلہ بھاری رہا۔ یہاں تک کہ مشرکین کے قدم اکھڑ گئے اور وہ میدان جنگ سے بھاگنا شروع ہو گئے۔ مسلمانوں نے مال غنیمت اکٹھا کرنا شروع کر دیا۔ درے پر متعین تیراندازوں نے یہ منظر دیکھا تو کہا کہ ہمیں فتح ہو گئی

ہے۔ مال غنیمت کے جمع کرنے میں حصہ لینا چاہئے۔ حضرت عبداللہ بن جبیرؓ انہیں بہتیرا سمجھاتے رہے۔ لیکن انہوں نے ایک نہ سنی اور چالیس تیرانداز وہاں سے اپنی جگہ چھوڑ کر میدان میں آگئے۔ خالد بن ولید جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے موقع غنیمت جانا۔ مشرکین مکہ کا ایک دستہ لے کر خالد بن ولید نے مسلمانوں پر درے کی طرف سے حملہ کیا۔ صرف دس تیرانداز جو باقی رہ گئے تھے۔ انہوں نے رسول خدا ﷺ کے حکم کی تعمیل میں جام شہادت نوش کیا۔ خالد بن ولید کے یک بارگی اور ناگہانی حملہ کی شدت سے بڑے بڑے دلیروں کے پاؤں اکھڑ گئے۔ لیکن نبی مکرم ﷺ کے پائے ثبات میں ذرہ برابر لغزش نہیں آئی۔ عام انسان اور نبی میں یہی فرق ہے۔ اللہ کا رسول بزدل نہیں ہوسکتا۔ یاد رکھیں! نبی نہ بھاگنے والا ہوتا ہے، نہ نبی کی آل بھاگنے والی ہوتی ہے۔ بھاگنے کا شرف تو صرف جھوٹے مدعیان نبوت اور ان کے خاندان کو نصیب ہوتا ہے۔ نبی استقامت و استقلال کا پیکر ہوتا ہے۔ پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ سکتے ہیں۔ دریا اپنا رخ تبدیل کر سکتے ہیں۔ لیکن خدا کا پیغمبر اپنی جگہ سے ایک انچ پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔

آزمائش کی گھڑیاں

حضور اکرم ﷺ کے جلیل القدر صحابیؓ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے بھائی عتبہ نے موقع پا کر سرکار دو عالم ﷺ کی طرف ایک پتھر پھینکا۔ جس سے آپ ﷺ کے دندان مبارک زخمی ہوگئے۔ اسی طرح عبداللہ ابن قیمہ نے جو مشہور پہلوان تھا، آگے بڑھ کر اس زور سے حملہ کیا کہ خود کے دو حلقے آپ ﷺ کے رخسار مبارک میں دھنس گئے۔ ایک اور بدبخت نے پتھر مار کر نبوت کی روشن جبین کو زخمی کیا۔ امام الانبیاء ﷺ کے چہرہ انور سے جب خون بہنے لگا تو ایک خوش قسمت صحابیؓ آپ ﷺ کا خون چوس چوس کر کلیاں کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا لن تمسك النار تجھ کو جہنم کی آگ ہرگز نہ لگے گی۔ اسی اثناء میں حضور اکرم ﷺ کے شہید ہوجانے کی خبر بھی میدان جنگ میں پھیل چکی تھی۔

میدان جنگ میں یہ صورت حال پیدا ہوگئی کہ اسلامی لشکر دو حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ ایک وہ لوگ تھے جو حضور اکرم ﷺ کی شہادت کی خبر سن کر شکستہ پا اور بددل ہو کر مستقبل سے مایوس ہو کر بیٹھ گئے۔ دوسرا گروہ وہ تھا جن کا خیال یہ تھا کہ اگر حضور ﷺ دنیا میں نہیں رہے تو اس دنیا میں ہمارا بھی رہنے کا کوئی مقصد نہیں۔ یہ لوگ ہر قیمت پر مرنا چاہتے تھے۔

سب سے پہلے حضرت کعب بن مالکؓ نے رسول خدا ﷺ کو پہچانا۔ حضرت کعبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آقائے نامدار ﷺ کی روشن اور پیاری پیاری آنکھوں سے انہیں پہچانا۔ چونکہ چہرہ انور پر نور تھا۔ حضرت کعبؓ نے بلند آواز سے مسلمانوں کو مبارک باد دی۔ حضور اکرم ﷺ کے حیات ہونے کی خوشخبری سنائی تو حضور ﷺ نے اشارہ سے انہیں منع فرمادیا۔

رسول خدا ﷺ سے محبت

حضور ﷺ سے لوگوں کو کس طرح عقیدت اور محبت تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ احد کے کارزار سے فارغ ہوکر حضور ﷺ واپس ہوئے تو راستہ میں ایک ایسی عورت لشکر اسلامی کو ملی جس کے عزیز واقارب احد کے غزوہ میں شریک ہونے کے لئے گئے تھے۔ افسوس ناک خبریں چونکہ مدینہ پہنچ چکی تھیں۔ اس لے لوگ اپنے عزیز واقارب کی خیریت معلوم کرنے کے لئے گھروں سے نکل پڑے۔ اس عورت نے حضور ﷺ کے بارے میں پوچھا: وہ کیسے ہیں؟ اسے جواب میں بتایا گیا کہ تمہارا شوہر جنگ میں مارا گیا ہے۔ اس نے پھر سرکار دوعالم ﷺ کا پوچھا: کسی نے کہا کہ تیرا باپ بھی مارا گیا ہے۔ اس عورت نے کہا کہ میں نے تم سے اپنے نبی ﷺ کے بارے میں پوچھا ہے۔ پھر جواب آیا کہ تیرا بھائی بھی جنگ میں مارا گیا ہے۔ اس نے پھر وہی سوال کیا کہ میں نے آقا ﷺ کی خیریت دریافت کی ہے۔ وہ کیسے ہیں؟ جواب ملا تیرا بیٹا بھی جنگ میں شہید ہوگیا ہے۔ عورت نے جذباتی ہوکر کہا کہ تم میرے پیارے رسول ﷺ کے بارے میں کیوں نہیں بتاتے کہ وہ کیسے ہیں؟ اسے بتایا گیا کہ آپ ﷺ خیریت سے ہیں۔ اس نے خواہش کا اظہار کیا کہ میں اپنی آنکھوں سے حضور اکرم ﷺ کو دیکھنا چاہتی ہوں۔ شہنشاہ کونین ﷺ کو دیکھ کر اس عورت کو تسلی ہوئی۔ انصاری عورت نے رحمت دوعالم ﷺ کو زندہ سلامت دیکھ کر خدا تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ انصاری عورت نے کہا مجھے اپنے عزیزوں کے مرنے کا کوئی غم نہیں۔ اگر دوجہانوں کے شہنشاہ زندہ ہیں تو میرے عزیز، رشتہ دار مرکر بھی زندہ جاوید ہیں۔

آخری بات

غزوہ احد میں مسلمانوں کی شکست اور ان کی ابتلاء آزمائش کے کئی اسباب تھے۔ شکست کی بنیادی وجہ ان نوجوان صحابہ کا رویہ تھا۔ جنہوں نے آقائے نامدار ﷺ کی رائے سے اختلاف کیا۔ پہاڑ کے درے پر جن تیراندازوں کو متعین کیا گیا۔ انہوں نے سرکار دوعالم ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی کی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کے احکامات کی نافرمانی کے نتیجے میں خیر وبرکت کی بجائے مسلمانوں کو آزمائش وابتلاء میں مبتلا کردیا۔ پیغمبر اقدس ﷺ کی حکم عدولی میں چند ایک کی معمولی غلطی کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑا۔ یہاں تک کہ سرکار دوعالم ﷺ بھی شدید زخمی ہوئے۔

نبی پاک ﷺ کی اطاعت اور فرمانبرداری کا نام دین ہے۔ ہماری فلاح اور بہتری اسی میں ہے کہ آقائے نامدار ﷺ کے ارشادات، فرمودات، تعلیمات اور احکامات کو مشعل راہ بنائیں۔ تاکہ ہماری دین ودنیا سنور سکے اور آخرت کی دائمی سرخروئی بھی نصیب ہوسکے۔ آمین! (ملخص: صدائے محراب)

تاریخ خلیفہ بن خیاط بن خلیفہ بن خیاط رحمۃ اللہ علیہ

قسط نمبر:15

ترجمہ: مولانا غلام رسول دین پوری

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے کارنامے

ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انصار کی نگہبانی حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کے حوالے کی اور لوگوں کی مجموعی تعداد و جملہ افراد کی امارت حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سونپی۔ چنانچہ یہ لشکر اسلام حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی امارت اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زیر سرپرستی مقام ذی القصہ کی جانب چلا اور مدینہ منورہ سے دو برید کے فاصلہ پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پڑاؤ ڈالا اور لشکر اسلام کو ٹھہرا کر جوش دلایا اور اسے تیار کیا اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو طلیحہ اسدی پر چڑھائی کرنے کا حکم دیا اور اس کے ساتھ لڑائی کرنے کا عہد لیا اور طلیحہ اسدی کا اس وقت ''بنواسد'' کے تالاب جس کا نام ''قطن'' اور ''غمر مرزوق'' ہے پر قبضہ تھا۔ طلیحہ اسدی سے جنگ کرنے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مع لشکر اسلام مدینہ منورہ واپس تشریف لائے۔

یزید بن رومان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ''مقام ذی القصہ'' پر تشریف لے گئے اور آگے جانے کا بنفس نفیس ارادہ رکھتے تھے۔ لیکن مسلمانوں نے آگے جانے سے روک دیا اور عرض کیا کہ آپ خود تشریف نہ لے چلیں بلکہ کسی ایک ایسے آدمی کو آپ امیر مقرر فرمادیں۔ جس پر آپ کو اعتماد ہو اور آپ مدینہ منورہ واپس تشریف لے جائیں۔ اس لئے کہ اگر آپ اہل مدینہ کو تنہا اور آزاد چھوڑ دیں گے تو ان پر نفاق غالب آجائے گا۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سب کا ذمہ دار اور سربراہ بنادیا اور بالخصوص انصار پر حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر فرمایا اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو طلیحہ پر چڑھائی کا امر فرمایا اور انہیں چست کرنے کے لئے مزید فرمایا کہ میں فلاں فلاں مقام پر آپ کا جائزہ اور معائنہ بھی کروں گا۔

امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جب ''مقام ذی القصہ'' سے ''طلیحہ اسدی'' پر چڑھائی کا قصد فرمایا تو آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ لشکر اسلام کی تعداد ستائیس صد سے تین ہزار تک تھی۔ چنانچہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ اور ثابت بن اقرم بن ثعلبہ انصاری رضی اللہ عنہ (جو قبیلہ بلی کے حلیف تھے) کو روانہ فرمایا۔ جب یہ حضرات قطن (تالاب) پر پہنچے تو انہیں ایک حبال نامی آدمی ملا جو طلیحہ

کے پاس ساز وسامان لے جارہا تھا۔ انہوں نے اسے قتل کر کے ان کے سب ساز وسامان پر قبضہ کرلیا۔ ادھر سے خویلد کے دو بیٹے طلیحہ اور سلیمہ آئے۔ آتے ہی حضرت عکاشہؓ اور حضرت ثابتؓ سے لڑائی کی اور انہیں شہید کر دیا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ مقام بزاخہ (یہ بنواسد کے چشمہ کا نام ہے) تک گئے اور طلیحہ سے مقابلہ کیا اور طلیحہ کے ہمراہ عیینہ بن مالک فزاری اور قرہ بن ھبیرہ قشیری بھی تھے۔ یہاں فریقین کے مابین شدید جنگ ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے طلیحہ کو شکست فاش دی اور وہ ملک شام کی طرف فرار ہوگیا۔ عیینہ اور قرہ کو وہیں قید کرلیا گیا۔ قید کرنے کے بعد حضرت خالد بن ولیدؓ نے دونوں کو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خدمت میں بھیج دیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے دونوں کا خون معاف کر دیا۔ چنانچہ بزاخہ سے لوگ منتشر ہو کر غمرزوق آگئے۔ حضرت خالدؓ بھی ان کی طرف چل دیئے اور بہت سارے لوگ قتل کر دیئے۔ چنانچہ شدید جنگ کے بعد باقی ماندہ لوگ شکست خوردہ ہو کر نکل بھاگے۔

عبداللہ بن عتبہ کہتے ہیں کہ طلیحہ کے ہمراہ عیینہ تھا اور (عیینہ کے علاوہ) بنوفزارہ کے سات سو آدمی بھی ہمراہ تھے۔ چنانچہ طلیحہ کو جب اپنی شکست نظر آنے لگی تو اس نے ملک شام کی جانب راہ فرار اختیار کی اور اس کی بقیہ جماعت بھی شکست خوردہ ہو کر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئی۔

عروہ بن زبیرؓ اپنے والد کے حوالے سے بتاتے ہیں کہ (آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد) اہل عرب جب کافر ہونے لگے تو بنوسلیم حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس آ کر کہنے لگے کہ اہل عرب تو کافر ہوگئے۔ لہٰذا آپ ہمیں اسلحہ مہیا فرمائیں (اور ہم ان سے جنگ کریں) چنانچہ آپؓ نے ان کے لئے اسلحہ مہیا کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ اب (اسلحہ ملنے کے بعد) الٹا انہوں نے حضرت ابوبکرؓ سے جنگ شروع کر دی۔ حضرت عباس بن مرداسؒ نے ان سے کہا۔

لم تاخذون سلاحه لقتاله ولكم به عند الاله اثام

(ترجمہ) تم ابوبکرؓ سے لڑنے کے لئے ان سے ہتھیار کیوں لیتے ہو؟ تمہارے ذمہ تو خدا تعالیٰ کی اور نافرمانیاں بھی ہیں۔

تو حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو بنوسلیم کی سرکوبی کے لئے روانہ فرمایا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ نے ان سب کو ایک باڑے میں بند کر کے آگ لگادی۔ پھر یہیں سے ہی حضرت خالدؓ مقام ''بزاخہ'' میں آئے اور ''قبیلہ اسد وغطفان'' پر حملہ آور ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست سے دوچار کیا اور انہوں نے راہ فرار اختیار کرنے میں اپنی عافیت سمجھی اور نکل بھاگے۔ حضرت خالدؓ نے برابر ان کا تعاقب فرمایا اور مقام بطاح میں انہیں جا پکڑا۔ بالآخر وہ اپنے جھنڈوں سمیت آئے اور حلقہ بگوش اسلام ہوگئے۔

پھر حضرت خالد بن ولید ؓ نے (اسد غطفان اور طلیحہ کو شکست دینے کے بعد) فرمایا کہ بخدا میں اب اس وقت تک واپس نہیں جاؤں گا جب تک کہ مسیلمہ کذاب کا استیصال نہ کرلوں۔ یہ سن کر انصار نے کہا کہ ابھی تک حضرت ابوبکر ؓ نے آپ کو اس بات کا حکم تو نہیں دیا۔ لہٰذا واپس مدینہ منورہ چلنا چاہئے۔ لیکن انہوں نے جواب میں کہا۔ قسم بخدا ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا۔ میں اس کا استیصال کر کے رہوں گا۔ انصار تو واپس آگئے۔ ابھی ایک رات ہی کا سفر کیا تھا تو دل میں سوچا کہ قسم بخدا اگر ہمارے احباب منصور و فتح یاب بھی ہوگئے تو ہماری رجعت و واپسی قابل رذالت و ناکامی شمار ہوگی اور اگر انہیں شکست مل گئی تب بھی ہمارا یہ فعل لائق مذمت ہوگا کہ گویا ہم نے ہی اپنے احباب کو بے یارومددگار چھوڑ دیا۔ یہ سوچ کر اور باہمی فیصلہ کر کے دوبارہ حضرت خالد ؓ کے پاس لوٹ آئے۔

ابن اسحاق ؒ کی روایت کے مطابق حضرت ثابت بن قیس ؓ سیدنا حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضرت خالد ؓ ابھی ایک دو منزل تک ہی گئے ہوں گے کہ انصار ؓ کا پیغام انہیں ملا کہ جہاں بھی آپ پہنچے ہیں وہیں ٹھہر جائیں۔ تاوقتیکہ ہم آجائیں ہم بھی آپ کے ساتھ جانا چاہتے ہیں۔ چنانچہ یہ پیغام موصول ہوتے ہی حضرت خالد ؓ وہیں رک گئے۔ یہاں تک کہ حضرات انصار ؓ آگئے تو اب حضرت خالد ؓ (تمام جمعیت کو لے کر) چلے اور بنو تمیم کے چشمہ بطاح میں جاکر پڑاؤ ڈالا۔ یہاں پر رہتے ہوئے حضرت خالد ؓ نے مختلف مقامات پر چند سرایا بھی بھیجے۔ لیکن بغیر جنگ کئے واپس آگئے۔ ایک شخص مالک بن نویرہ نامی بنی حنظلہ کے گروہ سمیت گرفتار کر کے لایا گیا تو حضرت خالد ؓ نے سب کا سر قلم کردیا۔ امام زہری ؒ نے ابن اسحاق ؒ کی طرح یہ واقعہ بیان کیا ہے۔

ماہانہ درس قرآن بعنوان ختم نبوت کہروڑپکا

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کہروڑپکا کے زیراہتمام جامع مسجد تالاب والی کہروڑپکا میں ۷رمئی بروز اتوار بعد نماز مغرب ماہانہ درس قرآن بعنوان ختم نبوت منعقد ہوا۔ جس سے مولانا مفتی ظفر اقبال چیچہ وطنی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ختم نبوت کا تحفظ نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کا ذریعہ ہے۔ نوجوان طبقہ موجودہ ملکی حالات میں کسی بھی قسم کے پروپیگنڈہ میں آنے کی بجائے ختم نبوت تحریک کا مطالعہ کرے اور علماء کرام پر اعتماد کرتے ہوئے اپنی جدوجہد جاری رکھے۔ پروگرام میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کہروڑپکا کے امیر مولانا غلام محمد ریحان، مولانا محمود شریف نعمانی، مولانا محمد بن عبدالرحمن نے بیانات کئے۔ اس موقعہ پر قاری محمودالحسن دوست، قاری محمد اقبال مجلس تحفظ ختم نبوت کہروڑپکا کے محمد امیر ساجد، میاں محمد عمران، ختم نبوت یوتھ ونگ کے محمد وسیم بھٹی، محمد عبداللہ، عمر فاروق ودیگر حضرات بھی موجود تھے۔

حضرت مولانا عبدالجلیل رحمۃ اللہ علیہ

قاری محمد شاہ نقشبندی

حضرت مولانا عبدالجلیل ؒ سابقہ ریاست امب وتناول جو کہ اب ضلع مانسہرہ میں شامل ہے کے مشہور علمی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کی والدہ ریاست کے قاضی القضاۃ قاضی عبداللہ کی بیٹی تھی۔ مولانا عبدالجلیل ۱۹۲۲ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے دینی تعلیم ہری پور، لاہور اور دورۂ حدیث ۱۹۴۸ء میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی ؒ اور حضرت مولانا علامہ انور شاہ کشمیری ؒ کے شاگرد رشید مولانا سلطان محمود ؒ سے کٹھیانہ ضلع گجرات میں پڑھا تھا۔ مولانا سلطان محمود ؒ کے دست مبارک سے لکھی ہوئی سند حدیث بھی موجود ہے۔

مولانا عبدالجلیل ؒ اپنی خودنوشت سوانح میں لکھتے ہیں: ’’حضرت مولانا سلطان محمود ؒ خود ہی تمام کتب حدیث پڑھاتے، جب دورۂ شریف ختم ہوا تو ہمیں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ کے طرز پر ترجمہ وتفسیر قرآن کا دورہ بھی پڑھایا گیا۔‘‘ فراغت کے بعد مولانا کا تقرر دینیات کے استاذ کی حیثیت سے علاقہ پڑھنہ میں ہوگیا۔ ابھی تناول اور ریاست امب نواب صاحب کے زیر تسلط تھی۔ بعد میں اس کا الحاق پاکستان کے ساتھ ہوگیا۔ ۱۹۵۰ء کے لگ بھگ اسی علاقہ پڑھنہ کے نوابزادہ غلام حیدرخان کی دعوت پر آپ چھنگی نامی گاؤں میں امامت وتدریس قرآن پر مقرر کردیئے گئے۔ اس زمانہ میں غلام حیدرخان کا قیام بھی چھنگی میں تھا۔ نوابزادہ غلام حیدرخان اور گاؤں کے لوگوں کو آپ سے عقیدت ہوگئی تھی۔ آپ نے یہاں بھرپور طریقے سے امامت اور تدریس کے فرائض انجام دیئے۔ آپ عمر بھر قرآن مجید کی تدریس، ترجمہ تفسیر اور عمومی بیانات سے عوام کے عقائد، اعمال اور معاملات میں رہبری کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ اس کے ساتھ جامع مسجد چھنگی میں بیرونی طلباء کو بھی پڑھاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم وعمل، تقویٰ، اخلاص، اخلاق حسنہ کی دولت سے مالا مال فرمایا تھا۔ جس سے پورے علاقہ نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ مولانا سید اسرارالحق شاہ اور راقم الحروف کی دینی تعلیم وتربیت بھی آپ ہی کے مرہون منت ہے۔

مرزا قادیانی کے کچھ چیلے ریاست امب دربند میں اپنے قدم جمانا چاہتے تھے۔ آپ کے بزرگوں اور قاضی محمد اسحاق کی مشترکہ کوششوں سے مرزائیوں کو ریاست بدر کردیا گیا۔ اس کی تفصیل خود قاضی محمد اسحاق کی قلم سے لکھی ہوئی موجود ہے۔ جسے استاد محترم مولانا اللہ وسایا مدظلہ نے احتساب قادیانیت جلد ۳۶ میں شامل فرماکر محفوظ کردیا ہے۔ مولانا عبدالجلیل ؒ ۱۹۷۴ء اور ۱۹۸۴ء کی تحاریک ختم نبوت میں فعال رہے۔ ۱۹۸۴ء میں تناول میں مجلس تحفظ ختم نبوت قائم ہوئی۔ جس کے امیر آپ کے شاگرد مولانا اسرارالحق

شاہ مقرر ہوئے اور آپ کو جماعت کا سرپرست بنایا گیا۔ ’’لولاک‘‘ کے اس دور کے شمارے اس کے گواہ ہیں۔ راولپنڈی کانفرنس میں شرکت کی غرض سے آپ بھی جلوس لے کر مانسہرہ پہنچے۔ صدر ضیاء الحق نے کانفرنس سے پہلے ہی مطالبات منظور کر لئے۔ اس لئے آپ راولپنڈی نہ جاسکے۔

مولانا عبدالجلیل صاحب ۲۷؍اپریل ۲۰۱۷ء کو ظہر کے وقت وفات پاگئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) اور بروز جمعۃ المبارک دن دس بجے آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی جو آپ کے نواسے مفتی فیصل شمس نے پڑھائی۔ آپ کی وفات کی خبر سن کر دور دراز سے لوگ جنازہ میں شرکت کی غرض سے آئے۔ علاقہ پڑھنہ کا بہت بڑا جنازہ تھا۔ جس میں علماء کرام، مشائخ عظام، ممبران اسمبلی اور ہر طبقہ کے لوگ جوق در جوق شریک ہوئے۔ آپ نے طویل عمر پائی۔ تقریباً ایک صدی کے برابر آپ کی عمر مبارک ہوئی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی خدمات دینیہ کو قبول فرمائیں اور جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائیں۔ آمین!

گوجرانوالہ میں قادیانیوں کی غیر قانونی عبادت گاہ کی تعمیر کو روک دیا گیا

۷؍مئی ۲۰۱۷ء کو حافظ ظفر اللہ کی کال مولانا محمد عارف شامی مبلغ گوجرانوالہ کو وصول ہوئی کہ گاؤں منڈیالہ گوجرانوالہ میں قادیانی اپنے مذہب کی کھلے عام تبلیغ کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ ہی غیر قانونی طور پر اپنی عبادت گاہ بنا رہے ہیں۔ اس اطلاع کے موصول ہونے کے بعد مولانا محمد عارف شامی نے متعلقہ تھانے میں رابطہ کر کے بتایا کہ قادیانی غیر قانونی عبادت گاہ بنا رہے ہیں۔ اس صورت حال میں علاقہ کے اندر نقص امن کا خطرہ ہے۔ لہٰذا قادیانیوں کی تبلیغ اور غیر قانونی عبادت گاہ کی تعمیر کو رکوایا جائے۔ تاکہ حالات خراب ہونے سے بچ سکیں۔ تھانہ کینٹ کی انتظامیہ نے قادیانیوں کو تعمیر سے روک دیا۔ اگلے دنوں میں قادیانیوں نے راتوں رات عبادت گاہ کی چھوٹی چھوٹی دیواروں پر ہی گاڈر اور ٹائل ڈال دی۔ اہل علاقہ کو معلوم ہوا تو شور و غل ہوا۔ حالات کشیدہ ہوئے تو مولانا محمد عارف شامی نے مولانا عزیز الرحمن ثانی لاہور سے رابطہ کر کے ان کو صورت حال سے آگاہ کیا۔ ان کی ہدایات پر اہل علاقہ کی طرف سے درخواست دی گئی جو پچاس آدمیوں کے دستخطوں بمعہ رابطہ نمبروں سے مزین تھی۔ درخواست پر اگلے روز متعلقہ ایس ایچ او نے فریقین کو مدعو کیا۔ موقف سنا تو فیصلہ سنایا کہ قادیانیوں نے غیر قانونی کام کیا۔ اس لئے اس کو فوراً ختم کر دیں۔ اگلے روز ایس ایچ او نے خود حاضر ہو کر ملازمین کے ذریعے سے قادیانیوں کی اس غیر قانونی تعمیر کو ختم کرایا۔ اس غیر قانونی تعمیر کو ختم کرانے میں اہل علاقہ کے ساتھ ساتھ جناب بابر رضوان باجوہ، سید غلام کبریا شاہ، قاری امجد علی معاویہ، بھائی محمد افضل وڑائچ، عباس علی، ماسٹر ثناء اللہ، مولانا اسحاق، قاری سمیع الحق، مفتی غلام نبی، بھائی اسامہ نصر وڑائچ، رانا ظہیر احمد خاں وغیرہ کا واضح کردار رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام حضرات کی مساعی جمیلہ کو ذریعہ نجات بنائے۔ آمین!

پاکستانی قادیانیوں کا وفد اسرائیل پہنچ گیا

حیفا میں منکرین ختم نبوت کا سالانہ کنونشن

علی زمان

پاکستان کی قادیانی کمیونٹی کے اسرائیلی دوروں کے بارے میں انکشاف کرتے ہوئے عرب جریدے نے لکھا ہے کہ سال ۲۰۱۶ء جولائی میں مقبوضہ فلسطینی شہر حیفا میں منعقدہ سالانہ جلسے میں پاکستان کے قادیانی وفد نے شرکت کی ہے۔ اسرائیل کی عربی ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق اگست ۲۰۱۶ء میں قادیانی جماعت نے حیفاء کے علاقہ الکبابیر میں اپنا بیسواں سالانہ کنونشن منعقد کیا۔ کنونشن میں امریکا، شمالی امریکا اور یورپی ممالک کے علاوہ پاکستان، اردن اور مصر سے بھی قادیانی وفود شریک ہوئے۔

۲۸ر جولائی کو منعقدہ ہونے والے تین روزہ کنونشن میں پاکستانی قادیانیوں کے وفد کی شرکت کو قادیانی کمیونٹی اور اسرائیلی انتظامیہ نے غیر معمولی اہمیت دی اور ان کا بڑے پرتپاک سے استقبال کیا گیا۔ پاکستانی وفد کو کنونشن میں پاکستان میں قادیانیوں کو درپیش مسائل پر بات کرنے کی دعوت دی گئی۔ جس میں انہوں نے پاکستان میں قادیانیوں کی سرگرمیوں کے بارے میں کنونشن کے شرکاء کو بتایا۔ اس کنونشن میں قادیانیوں کے علاوہ عیسائی، درزی، بہائی اور ملحدوں کے ساتھ یہودی وفود نے بھی شرکت کی۔ اسرائیلی پارلیمنٹ کے ممبران، یہودی ربیوں اور یہودی مستقین کنونشن میں بطور خاص شریک ہوئے۔ جب کہ اسرائیل کے سیکورٹی حکام اور قومی سلامتی کے عہدیداروں کو بھی بطور خاص مدعو کیا گیا تھا۔ ایلان یونیورسٹی کے یہودی پروفیسر دانیل ہرشکوفیتش نے قادیانی اجتماع سے خطاب بھی کیا اور قادیانیت کی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کے لئے نیک تمنائیں ظاہر کیں۔ اسرائیل کے ڈومینکین اور کریبین کے سفرا نے بھی اجتماع سے خطاب کیا۔ کنونشن کے دوران پاکستانی وفد سمیت غیر ملکی وفود کے اسرائیلی عہدیداروں سے ملاقاتیں بھی کرائی گئیں۔ عرب جریدے کے مطابق پاکستانی وفد کی آمد کو سراہا گیا اور آئندہ کے لئے سالانہ کنونشن میں ان کی شرکت کو لازمی قرار دیا گیا۔

فلسطین کے مقبوضہ شہر حیفا، کیرہ روم کے مشرقی کنارے واقع ہے۔ اس شہر پر برطانوی قبضہ تھا۔ جس نے ایک خاص سازش کے تحت اس شہر میں قادیانیوں کو بسایا اور اس کی ہر طرح سے مدد کی۔ اس مقصد کے لئے برطانیہ نے ۱۹۲۸ء میں سب سے پہلے ہندوستان سے جلال الدین شمس نامی ایک قادیانی مبلغ کو حیفا بلوایا۔ اسے رہائش کی تمام سہولیات سمیت دیگر مراعات دے دیں۔ برطانوی دور میں حیفا میں الشاذلی نامی

صوفی تحریک بڑی سرگرم تھی۔ تصوف سے وابستہ اس خانقاہ کو برطانیہ اپنا ہمنوا بنانے میں کامیاب ہوا تھا۔ برطانوی انتظامیہ نے قادیانی مبلغ کو اسی صوفی تحریک کے افراد کو قادیانی بنانے کا ٹاسک دیا تھا۔ برطانوی حکومت کی سرپرستی میں فلسطینی سرزمین پر قادیانیت کو فروغ ملنے لگا اور صوفی تحریک کے بہت سے خاندانوں نے قادیانیوں کے فریب میں آ کر قادیانیت قبول کرلی۔ قادیانیوں پر اپنی مہربانیوں کے لئے مشہور برطانوی انتظامیہ نے ۱۹۳۴ء میں حیفا کے محلے الکبابیر میں قادیانیوں کی عبادت گاہ اور قادیانی ثقافت کے نام پر ایک کمیونٹی سنٹر تعمیر کیا یہ مقام پورے مشرق وسطیٰ میں قادیانیت کے دجل وفریب کا اولین مرکز بنا۔ جہاں سے قادیانیت کی سرگرمیاں پورے مشرق وسطیٰ میں پھیلنی شروع ہوگئیں۔

۱۹۴۸ء میں برطانیہ نے حیفا کو یہودیوں کے حوالے کیا۔ اس زمانے میں یہودیوں نے سینکڑوں مساجد کو شہید کیا اور درجنوں کو جانوروں کے باندھنے اور دیگر مذموم مقاصد کے لئے استعمال کرنا شروع کیا۔ تاہم قادیانیوں نے عبادت خانے کو کوئی گزند نہیں پہنچائی گئی۔ قابض یہودیوں نے قادیانی کمیونٹی کو پوری طرح سپورٹ کیا۔ حیفا میں قادیانی مرکز کے سربراہ محمد شریف نامی شخص ہے۔ جس کے ساتھ فلسطینی مفتیان کرام اور علماء کرام کے مناظرے بھی ہوئے ہیں۔ تاہم اسرائیل کی بھرپور سرپرستی کے سبب اس کے منفی اثرات فلسطینی معاشرے میں پھیلنے کا سلسلہ ابھی تک رکوایا نہیں جاسکا۔ اسرائیل کے شمال میں واقع الکبابیر مرکز کو اسرائیل حکومت کی بھرپور سرپرستی اور تعاون حاصل ہے۔ (روزنامہ اوصاف بروز سوموار ۱۴؍نومبر ۲۰۱۶ء)

آل پارٹیز تحفظ ناموس رسالت کانفرنس علی پور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۷؍مئی ۲۰۱۷ء بروز اتوار بمقام جامع مسجد عثمان غنی علی پور میں آل پارٹیز تحفظ ناموس رسالت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں خصوصی شرکت حضرت مولانا تنویر الحق تھانوی کراچی اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمن جالندھری نے فرمائی۔ جماعت اسلامی، جماعت اہل سنت بریلوی، جماعت اہلحدیث سمیت متعدد علماء کرام نے اپنے اپنے بیانات ریکارڈ کرائے۔ کانفرنس میں تمام اداروں اور جماعتوں کے ممبران سے بھرپور شرکت کی۔ آل پارٹیز تحفظ ناموس رسالت کے اجتماع سے مجلس تحفظ ختم نبوت کے ضلعی مبلغ قاضی عبدالخالق نے درج ذیل قرار دادیں پیش کر کے اجتماع سے تائید حاصل کی۔ ۱...... تحفظ ناموس رسالت کے قانون میں ترمیم نہ کی جائے۔ ۲...... قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ فزکس کو ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی کے نام کی بجائے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے نام سے منسوب کیا جائے۔ ۳...... سانحہ دوالمیال ضلع چکوال کی تحقیقات کو جلد از جلد مکمل کر کے مسلمانوں کے حقوق ادا کئے جائیں۔ ۴...... قادیانیوں کو آئین پاکستان کا پابند بناتے ہوئے ان کی سرگرمیوں کو روکا جائے۔

مرزا قادیانی برٹش سیکرٹ سروس کا ملازم

نور محمد قریشی ایڈووکیٹ

مرزا قادیانی ابتدائی عمر میں ہی برٹش سیکرٹ سروس میں ملازم ہوگئے تھے۔ یہ میں الزام نہیں لگا رہا۔ اس کے شواہد موجود ہیں۔ غور فرمایئے مرزا غلام احمد قادیانی کے بیٹے صاحبزادہ بشیر احمد (سیرت المہدی حصہ اوّل ص ۴۸) پر لکھتے ہیں: ''بیان کیا مجھ سے جھنڈا سنگھ ساکن کالہواں نے کہ میں بڑے مرزا صاحب (مرزا غلام مرتضیٰ) کے پاس آیا جایا کرتا تھا۔ ایک دفعہ مجھے بڑے مرزا صاحب نے کہا کہ جاؤ غلام احمد کو بلالاؤ۔ ایک انگریز حاکم میرا واقف ضلع میں آیا ہے۔ اس (مرزا غلام احمد قادیانی) کا منشاء ہو تو کسی اچھے عہدہ پر نوکر کرادوں۔ جھنڈا سنگھ کہتا ہے کہ میں مرزا قادیانی (مرزا غلام احمد قادیانی) کے پاس گیا تو دیکھا کہ چاروں طرف کتابوں کا ڈھیر لگا کر اس کے اندر بیٹھے ہوئے کچھ مطالعہ کر رہے ہیں۔ میں نے بڑے مرزا صاحب کا پیغام پہنچا دیا۔ مرزا قادیانی (مرزا غلام احمد قادیانی) آئے اور جواب دیا۔ میں تو نوکر ہوگیا ہوں۔ بڑے مرزا صاحب کہنے لگے کہ اچھا واقعی نوکر ہوگئے ہو؟ مرزا قادیانی نے کہا ہوگیا ہوں۔ اس پر بڑے مرزا صاحب نے کہا، اچھا نوکر ہوگئے ہو تو خیر ہے۔''

میں قادیانی دوستوں کو دعوت فکر دیتا ہوں کہ وہ درج ذیل نکات پر غور کریں:

۱...... بڑے مرزا صاحب نے مرزا غلام احمد قادیانی سے سرکاری ملازمت کے لئے سوال کیا۔ کسی دوسری نوکری کے لئے نہیں۔

۲...... اس کا جواب مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک ہی ہوسکتا ہے:

الف...... مجھے سرکاری ملازمت سے دلچسپی نہیں ہے۔

ب...... مجھے سرکاری ملازمت درکار ہے۔

ج...... میں پہلے ہی سرکاری ملازمت کر رہا ہوں۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنے والد کو تیسرا جواب دیا، قادیانی امت کے نزدیک اس میں سچ ہی بولا ہوگا۔ اب وہ کس قسم کی سرکاری ملازمت ہے کہ جسے صاحبزادہ بشیر احمد نے بیان کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ وہ ہے برٹش سیکرٹ سروس کی ملازمت۔ اس ملازمت کے لئے مرزا غلام احمد قادیانی کو باقاعدہ تنخواہ ملتی تھی۔ وہ تنخواہ کس قدر تھی؟ اس کا جواب صاحبزادہ بشیر احمد (سیرت المہدی حصہ سوم ص ۱۰۱) پر بیان کرتے ہیں: ''مرزا دین محمد صاحب ساکن لنگروال ضلع گورداسپور نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک مرتبہ حضرت مسیح موعود نے

مجھے صبح کے قریب جگایا اور فرمایا کہ مجھے ایک خواب آیا ہے۔ میں نے پوچھا کیا خواب ہے؟ فرمایا، میں نے دیکھا ہے کہ میرے تخت پوش کے چاروں طرف نمک چنا ہوا ہے۔ میں نے تعبیر پوچھی تو کتاب دیکھ کر فرمایا کہ کہیں سے بہت سارو پیہ آئے گا۔ اس کے بعد میں چار دن یہاں رہا۔ میرے سامنے ایک منی آرڈر آیا جس میں ہزار سے زیادہ روپیہ تھا۔ مجھے اصل رقم یاد نہیں۔ جب مجھے خواب سنائی تو ملاوامل اور شرن پت کو بھی بلا کر سنائی۔ جب منی آرڈر آیا تو ملاوامل و شرن پت کو بھی بلایا اور فرمایا کہ لو بھئی یہ منی آرڈر آیا ہے جا کر ڈاک خانہ سے لے آؤ۔ ہم نے دیکھا تو منی آرڈر بھیجنے والے کا پتہ اس پر درج نہیں تھا۔“

قارئین کرام! خود اندازہ لگالیں کہ اس زمانہ میں ہزار روپیہ سے زائد کا منی آرڈر بھیجنے والا کون ہوسکتا ہے جب کہ اس پر بھیجنے والے کا نام پتہ بھی درج نہ ہو سوائے برٹش سیکرٹ سروس کے۔ اس وقت جب کہ گوشت ایک روپیہ کا سولہ سیر تھا اور آج فروری ۲۰۰۰ء میں ایک سو بیس روپے کلو ہے۔ (ایک سیر نو صد تیس گرام کا ہوتا ہے) اس حساب سے ایک ہزار روپیہ آج کے دولاکھ اڑتیس ہزار اسی روپے بنتے ہیں۔

غور فرمایئے ایسا کون سا سخی داتا تھا جو مرزا غلام احمد کو اس قدر رقم پیش کرے اور اپنا نام بھی ظاہر نہ کرے سوائے برٹش سیکرٹ سروس کے۔ حقیقت یہ ہے کہ برصغیر ہی نہیں دنیا میں جہاں کہیں بھی انگریزوں کو جاسوسی کے لئے کارکنوں کی ضرورت محسوس ہوئی قادیانیوں نے اس پر لبیک کہا۔ پہلی جنگ عظیم میں عربوں اور ترکوں کو آپس میں لڑانے کے لئے لارنس آف عریبیا کو جو عملہ مہیا کیا گیا تھا، میری اطلاع کے مطابق وہ سب قادیانی تھے۔ اس قدر خدمات کے باوجود انگریز قادیان کو ہندوؤں کے حوالے کر کے رخصت ہو گئے۔ کیا یہ مقام عبرت نہیں؟

اللہ تعالیٰ نے یہ اصول بنا رکھا ہے کہ ہدایت اسے ہی ملتی ہے جو ہدایت کا طلبگار رہتا ہے۔ زیڈ اے سلہری مرحوم پیدائشی قادیانی ہونے کے باوجود مرزا غلام احمد قادیانی کی کتاب پڑھ کر ہی قادیانیت سے تائب ہوئے۔ کوئی قادیانی طلب ہدایت کی نیت سے مرزا غلام احمد قادیانی کی کتب پڑھے بھی۔ جو بھی مرزا قادیانی کی کتب اس نیت سے پڑھے گا، لازماً قادیانیت سے تائب ہو جائے گا۔ طلب ہدایت کے لئے کوشش شرط ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کسی فرشتہ کو ہدایت کا تھیلا دے کر کسی راستہ میں کھڑا نہیں کیا کہ جو بھی گزرے اسے ہدایت تقسیم کرتے جاؤ۔ اگر ایسا ہوتا تو چرچل، برٹرنڈرسل اور نہرو جیسے دانشور ضرور ہدایت یافتہ ہوتے۔ کیا قادیانی حضرات میری گزارشات پر غور فرمائیں گے؟

”واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم“

احقر العباد: نور محمد قریشی

مشاہیر کے خطبات ختم نبوت ...... عرض واقعی

مولانا اللہ وسایا

الحمد للّٰہ وکفٰی وسلام علٰی عبادہ الذین اصطفٰی . اما بعد!

''مشاہیر کے خطبات ختم نبوت'' کے مرتب وجامع جناب مخدوم محترم صلاح الدین صاحب بی۔اے ٹیکسلا ہیں۔ آپ پیر طریقت حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینی مرحوم سے بیعت ہیں اور ان کے پورے قرآن مجید کے دروس کو کیسٹوں سے کاغذات پر منتقل کرنے کا اعزاز بھی رکھتے ہیں۔ آپ نے ٹیکسلا میں انجمن نوجوانان اسلام کی بھی تشکیل کی اور کئی مفید رسائل رد قادیانیت پر شائع کئے۔ آپ کا شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی ؒ اور مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی ؒ سے بھی جماعتی محبانہ ومخلصانہ تعلق رہا۔

فقیر راقم الحروف کی آپ سے نیازمندی کو پینتالیس سال ہوا چاہتے ہیں۔ جب آپ نے ۱۹۷۳ء کی سالانہ آل پاکستان ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ کی تقاریر کو ریکارڈ کیا اور پھر ان کو ہفت روزہ ''لولاک'' فیصل آباد میں اشاعت کے لئے ارسال فرمایا۔ تب ''لولاک'' کے مدیر حضرت مولانا تاج محمود ؒ مجاہد ملت نے ان تقاریر کو شکریہ کے ساتھ بالاقساط ''لولاک'' میں شائع کیا۔

فقیر راقم غالباً جنوری ۲۰۱۷ء میں یادگار اسلاف حضرت مولانا عبدالغفور صاحب دامت برکاتہم کی زیارت کے لئے ٹیکسلا حاضر ہوا۔ اس موقعہ پر اطلاع پاکر حضرت محترم صلاح الدین بھی ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ آپ نے ملاقات پر ارشاد فرمایا کہ میرے پاس تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء کی کامیابی سے قبل آخری جلسہ ختم نبوت کانفرنس راولپنڈی ۶، ۷/ستمبر ۱۹۷۴ء کی اکابر کی تقاریر کی ریکارڈنگ ہے۔ قریباً نصف صدی بعد اس خزانہ کی نشاندہی کتنی خوشیوں کا باعث بنی۔ اس کا قارئین تصور فرمائیں تو روح بھی وجد کرنے لگ جائے۔ یہی کیفیت فقیر کی یہ خبر سن کر ہوئی۔ لیکن اگلے مرحلہ پر سخت پریشانی ہوئی جب آپ نے فرمایا کہ میری پرانی ریکارڈنگ مشین خراب ہے۔ وہ مشین جس پر یہ کیسٹ چلائے جائیں ملتی نہیں۔ اس ریکارڈنگ کے ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔

آپ کا یہ پریشان کن بیان ختم بھی نہ ہونے پایا تھا کہ یادگار اسلاف حضرت مولانا عبدالغفور دامت برکاتہم کی مجلس میں موجود آپ کے ایک مرید جو امریکہ میں ہوتے ہیں، نے یہ فرمایا کہ امریکہ میں یہ پرانی مشین خال خال مل جاتی ہے۔ مہنگے داموں ملتی ہے کہ پرانا ماڈل ہے۔ لیکن مل جاتی ہے۔ انٹرنیٹ سے

سرچ کر کے خرید کر میں بھجوادوں گا۔ اللہ تعالیٰ کا اس پیشکش پر شکر ادا کیا۔ غرض اس مجلس کے چند منٹوں میں خوشی و پریشانی وخوشی کے پے در پے لمحات گزر گئے۔ کچھ عرصہ بعد مخدوم زادہ مکرم مولانا محمد زکریا نے فون پر مژدہ سنایا کہ امریکہ سے وہ مشین مل گئی ہے۔ ٹیکسلا آ گئی ہے۔ جناب صلاح الدین نے اس سے تقاریر کو کاغذات پر منتقل کرنے کا عمل بھی شروع کر دیا ہے۔

لاہور میں چند دنوں بعد جناب محترم صلاح الدین کے صاحبزادہ مولانا احمد علی صاحب جو ہمارے حضرت قبلہ سید نفیس الحسینی ﷫ کے خلیفہ مجاز بھی ہیں، سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے خوشخبری سنائی کہ اکثر تقاریر کاغذ پر منتقل ہوگئی ہیں۔ باقی پر کام جاری ہے۔ ہفتہ بعد خود جناب صلاح الدین کا فون آیا کہ ہفتہ تک کام مکمل ہو جائے گا۔ فقیر نے ان تقاریر کا مسودہ حاصل کرنے کے لئے ۱۰؍مارچ ۲۰۱۷ء جمعہ کو ٹیکسلا کا سفر کیا۔ مسودہ مل گیا۔ ایک آدھ تقریر بعد میں ڈاک سے بھی آپ نے ارسال فرمائی۔

۲۲؍اپریل ۲۰۱۷ء کو حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہ اور جناب صلاح الدین بمع اپنے صاحبزادہ صاحب کے دفتر مرکزیہ ملتان تشریف لائے۔ ہفت روزہ ''لولاک'' سے ۲۱ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء کی تقاریر جمع کیں۔ حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی کی کتاب سے حضرت مفکر اسلام مولانا مفتی محمود ﷫ کی مزید چار تقاریر ختم نبوت پر مل گئیں۔ یوں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیالیس تقاریر ختم نبوت میسر آ گئیں۔ جن میں سے ۳۸ تقاریر پہلی بار کتابی شکل میں چھپ رہی ہیں۔ ان میں سے بعض پہلی دفعہ کیسٹوں سے منتقل ہو کر شائع ہو رہی ہیں۔ اب ان کی ترتیبی فہرست یہ ہے:

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری ﷫

۱/۱......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶؍ستمبر ۱۹۷۴ء
۲/۲......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۷؍ستمبر ۱۹۷۴ء

حافظ القرآن والحدیث مولانا محمد عبداللہ درخواستی ﷫

۳/۱......	تقریر	ٹیکسلا	۲۴؍مئی ۱۹۷۴ء
۴/۲......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۷۴ء

مفکر اسلام مولانا مفتی محمود ﷫

۵/۱......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس لاہور	۴؍جون ۱۹۷۲ء
۶/۲......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۷۳ء
۷/۳......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۲۸؍جون ۱۹۷۴ء

۴/ ۸......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۲۱ر جولائی ۱۹۷۴ء
۵/ ۹......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۷۴ء
۶/ ۱۰......	تقریر	مجلس تحفظ ختم نبوت کا استقبالیہ کراچی	دسمبر ۱۹۷۵ء
۷/ ۱۱......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۸۹ء

مجاہد ملت مولانا غلام غوث ہزاروی ؒ

۱۲......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۷۳ء

حضرت مولانا شاہ احمد نورانی ؒ

۱۳......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۲۱ر جولائی ۱۹۷۴ء

جناب نوابزادہ نصر اللہ خان ؒ

۱۴......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۲۱ر جولائی ۱۹۷۴ء

حضرت مولانا تاج محمود ؒ

۱۵......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

حضرت مولانا عبدالستار خان نیازی ؒ

۱۶......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ	دسمبر ۱۹۷۳ء

حضرت مولانا محمد اجمل خان ؒ

۱/ ۱۷......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۲۱ر جولائی ۱۹۷۴ء
۲/ ۱۸......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

حضرت علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید ؒ

۱۹......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

حضرت مولانا عبدالقادر روپڑی ؒ

۲۰......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

جناب سید مظفر علی شمسی ؒ

۲۱......	تقریر	ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی	۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

جناب آغا شورش کاشمیریؒ

۲۲...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب سردار عبدالقیوم خان، آزاد کشمیر

۲۳...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ

۲۴...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب میجر محمد ایوب خان صاحبؒ

۲۵...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب غلام احمد رضا صاحب، آزاد کشمیر

۲۶...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب بریگیڈیر گلزار احمد صاحب

۲۷...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب حنیف رضا صاحبؒ، فیصل آباد

۲۸...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب عزیز انصاری صاحبؒ، گوجرانوالہ

۲۹...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب سردار میر عالم خان لغاریؒ

۳۰...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب رفیق احمد باجوہ صاحب، چونڈہ (سابق قادیانی)

۳۱...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب سید انتصار حسین شاہ صاحب

۳۲...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب احمد علی صاحب، ڈیرہ اسماعیل خان

۳۳...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب آصف بھلی صاحب، سیالکوٹ

۳۴...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب رانا اشفاق احمد صاحب، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

۳۵...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب حافظ وصی احمد صاحب، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

۳۶...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب قادر بخش صاحب، فجی آئی لینڈ

۳۷...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب عبدالمتین چوہدری صاحب، ساہیوال

۳۸...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب محمد اسلم صاحب، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

۳۹...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب رب نواز چنیوٹی صاحب

۴۰...... تقریر ختم نبوت کانفرنس چنیوٹ دسمبر ۱۹۷۳ء

جناب سید محمد امین گیلانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۱/۴۱...... نظم ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی ۶ر ستمبر ۱۹۷۴ء

۲/۴۲...... نظم ختم نبوت کانفرنس راجہ بازار راولپنڈی ۷ر ستمبر ۱۹۷۴ء

لیجئے جناب! صلاح الدین صاحب کے ہاتھوں قدرت نے ’’تحریک ختم نبوت‘‘ سے متعلق یہ تاریخی گرانقدر سرمایہ مہیا کردیا ہے۔ اسے کتابی شکل میں شائع کرنے کی سعادت کے حصول پر اللہ تعالیٰ کا ان گنت بار شکر ادا کرتا ہوں۔ فللحمد للہ اوّلاً و آخراً! والسلام!

محتاج دعا: فقیر اللہ وسایا...... ۲۱ر مئی ۲۰۱۷ء مطابق ۲۴ر شعبان المعظم ۱۴۳۸ھ، ملتان

چھتیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء

مولانا محمد وسیم اسلم

حسب سابق امسال سالانہ ردقادیانیت کورس ۲رشعبان المعظم تا ۲۳رشعبان المعظم ۱۴۳۸ھ مطابق ۲۹راپریل تا ۲۰رمئی ۲۰۱۷ء مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں منعقد ہوا۔ بفضلہ تعالیٰ امسال نوصد چون (۹۵۴) حضرات نے شرکت کی۔ ان میں سے انچاس (۴۹) طلباء کو کثرت غیر حاضری ودیگر وجوہ کی بناء پر خارج کیا گیا۔ ذیل کی فہرست میں خارج شدہ طلباء کے نمبرات داخلہ پر کراس کا نشان لگا دیا گیا ہے۔ طلباء کرام کی فہرست ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

اسمائے گرامی شرکاء کورس

نمبر شمار	نام	ولدیت	ضلع
1	علی معاویہ	محمد معاویہ	پاکپتن
~~2~~	محمد اکرم	حافظ خوشی محمد	چنیوٹ
3	محمد احمد	محمد شریف	جھنگ
4	محمد صلاح الدین	فضل الرحمٰن	ڈی آئی خان
5	محمد عبدالرؤف	عبدالعزیز	ملتان
6	محمد ابوبکر صدیق	محمد اعظم	ملتان
7	محمد رمضان	حافظ نذیر احمد	لودھراں
8	نبیل شہزاد	شکور احمد	مانسہرہ
9	مبصر خان	اجمل خان	صوابی
10	فیض اللہ	عبدالصدیق	دیامر
11	بخت منیر	اورنگزیب	مانسہرہ
12	امت اللہ	حاجی اکبر	دیامر
13	عمران خان	معین الدین	کوئٹہ
14	محمد عمران	موسیٰ جان	قلعہ عبداللہ
15	شبیر خان	غلام رحمٰن	مردان
16	ذوالفقار احمد	احمد خان	جہلم
17	محمد نسیم	محمد ہاشم	لورالائی
18	امیر محمد	کمال الدین	لورالائی
19	محمد اشفاق طاہر	نذیر احمد	ملتان
20	محمد خالد بلال	تاج حسین	ڈی جی خان
21	محمد عثمان	شوکت علی	بہاولپور
22	افتخار احمد	محمد قدر آیاز	بنوں
23	محمد زاہد اشرف	محمد اشرف	بہاولنگر
24	اکرام الرحمٰن	شربت خان	ٹانک
25	سعید نواز	گل شائیر	وزیرستان
26	اکرام اللہ	آدم خان	ٹانک
27	امداداللہ	عید نواز	کرک
28	جمیع اللہ	عمر حیات	تورغر
29	محمد ابراہیم	حاجی محمد شفیق	کراچی
30	جواد خان	بختیار علی	صوابی

31	محمد زبیر خان	محمد عمر	لکی مروت
32	بلال احمد	صالح الرحمٰن	دیر بالا
33	رفیع اللہ	نورالدین	پشین
34	عبدالرحمٰن	حاجی عطاء محمد	کوئٹہ
35	امین اللہ	آغا محمد	لورالائی
36	محمد رضا	حاجی منیر احمد	زیارت
37	عفران	الٰہی بخش	نوشکی
38	نصیب اللہ	ملا آدم خان	کوئٹہ
39	نذیر احمد	عبدالعزیز	گھوٹکی
40	عتیق اللہ	مولوی محمد	کوئٹہ
41	محمد شعیب	عبدالقاہر	کوئٹہ
42	صلاح الدین	عبدالستار	راجن پور
43	اسامہ امین	محمد امین	حافظ آباد
44	محمد اشفاق	محمد صدیق	بہاول پور
45	سید امیر خان	اطلس خان	چنیوٹ
46	محمد حنظلہ	حافظ اللہ دتہ	بہاول پور
47	محمد زکریا	احسان احمد	رحیم یار خان
48	محمد عبداللہ	محمد عبدالستار	جھنگ
49	محمد مہتاب	محمد فاروق	لاہور
50	محمد عدنان	اللہ ڈوایا	بہاول پور
51	ساجد قاسمی	میر محمد قاسمی	باغ
52	محمد عاطف	محمد اسماعیل	اوکاڑہ
53	قیصر صدیق	محمد صدیق	قصور
54	محمد انور	گاموں	راجن پور
55	محمد فاروق	محمد اقبال	مظفر گڑھ
56	محمد شہزاد	محمد اختر	خانیوال
57	محمد عمر فاروق	محمد ابراہیم	ملتان
58	محمد خالد	غلام یاسین	لودھراں
59	محمد اشفاق	عبدالقادر	رحیم یار خان
60	محمد عابد	غلام سرور	ملتان

61	محمد وارث	عبدالرحمٰن	جھنگ
62	محمد داؤد	حافظ بلال	وہاڑی
63	محمد عامر	محمد صادق	مظفر گڑھ
64	محمد سمیع اللہ	عبداللطیف	ڈی جی خان
65	محمد عمر	شیر محمد	جہلم
66	محمد نعیم	محمد اسماعیل	رحیم یار خان
67	محمد طارق امتیاز	امتیاز الحق	ملتان
68	اشفاق احمد	حبیب الرحمٰن	لکی مروت
69	سعید اللہ	عیسیٰ ولی	قلندر
70	محمد عامر	محمد افضل	مانسہرہ
71	امیر حمزہ	محمد عباس	راولپنڈی
72	خضر حیات	مہندی خان	گجرات
73	شوکت علی	نادر خان	گجرات
74	محمد ابوبکر	محمد رفیق	مانسہرہ
75	مختیار احمد	نذر حسین	لیہ
76	محمد وقاص	سارنگ علی	فیصل آباد
77	محمد سفیان	عبداللطیف	خانیوال
78	محمد بلال	حریف گل	نوشہرہ
79	محمد ناصر نعمانی	امیر نواز	پشاور
80	محمد ظفر	محمد شریف	بہاول نگر
81	سلیم خان	وحید خان	لوئر دیر
82	محمد کریم اللہ	حاجی نوروز	چترال
83	محمد یعقوب	محمد ایوب	رحیم یار خان
84	محمد ریاست	شیر بہادر	مانسہرہ
85	احسان الحق	عبدالصادق	سوات
86	شاہ فہد	زمین خان	صوابی
87	جواد احمد	فدائی رحمت	چترال
88	عبدالرحمٰن	موسم خان	وزیرستان
89	حبیب اللہ جان	لعل بادشاہ	مہمند ایجنسی
90	محمد ایاز	گل محمد	بٹگرام

91	محمد مزمل عباسی	نور محمد خان	باغ
92	سلمان شاہ	مقرب شاہ	ہنگو
93	محمد یونس	سحر گل شاہ	لکی مروت
94	وقاص شاہ	مقرب شاہ	ہنگو
95	محمد فرحان	سبز علی خان	مالاکنڈ
96	نور شریف	حلیم اکبر	مردان
97	محمد حمزہ	فرید احمد	اسلام آباد
98	مبشر حسن	محمد رمضان	راولپنڈی
99	محمد نعمان	حیدر علی	نوشہرہ
100	کامران خان	غلام حیدر	راولپنڈی
101	توحید	محمد زاہد	صوابی
102	عبدالحق	شمس الرحمن	صوابی
103	محمد سعد	فضل الرحمن	مانسہرہ
104	محمد عظیم قریشی	محمد ریاض	اسلام آباد
105	محمد ابرار حسن	حسن خان	مردان
106	محمد فیاض	محمد صابر	ایبٹ آباد
107	عبدالغنی	اکبر علی	وزیرستان
108	محمد فیصل	عبدالقیوم	مانسہرہ
109	عرفان اللہ	عبدالمجید	کوہستان
110	اسرار محمد	ملنگ جان	دیر
111	وقار رحمت	رحمت حسین	پونچھ
112	نزاکت حسین	محب اللہ	نیلم
113	ثناء اللہ	قیوم گل	مالاکنڈ
114	سید نبی	خان جان	باجوڑ
115	حمید اللہ	رضوان اللہ	مالاکنڈ
116	صفت شاہ	سید شاہ	بٹگرام
117	محمد احسان	دیوان شاہ	مانسہرہ
118	حماد	محمد ریاض	ایبٹ آباد
119	شبیر احمد	عبدالوحید	وزیرستان
120	محمد طاہر	تازر خان	مانسہرہ
121	محمد ادریس	لعل خان	ہری پور
122	اسد اسحاق	محمد اسحاق	باغ
123	احمد علی خان	عبداللہ	ہری پور
124	محمد احسان الحق	محمد اخلاق	اسلام آباد
125	ظہور احمد	عزیز اللہ	مانسہرہ
126	ثاقب خان	ریاست علی	ہری پور
127	سعید خان	نصیب خان	مانسہرہ
128	احمد جہانگیر خان	منظور احمد	راولپنڈی
129	محمد مہران	خالد خان	مردان
130	اسامہ بادشاہ	گل بادشاہ	بٹگرام
131	فرہاد خان	سعید اللہ	وزیرستان
132	اسد علی	رحمت جان	دیر
133	حبیب اللہ	امان اللہ	مردان
134	محمد فیصل	صدیق اکبر	بٹگرام
135	مشتاق احمد	محمد اسرائیل	بونیر
136	حضرت محمد	نثار محمد	صوابی
137	عدنان احمد	سجاد احمد	صوابی
138	محمد معاویہ گورمانی	محمد ابوبکر	سیالکوٹ
139	محمد سمیع اللہ	ریاض حسین	راجن پور
140	سمیع الحق سعید	مولانا محمد سعید	کوہستان
141	حامد علی	فقیر گل	بونیر
142	محمد طارق	کمل شاہ	بونیر
143	محمد شیراز عباسی	محمد شعیب	مردان
144	محمد اسحاق عباسی	اشفاق علی	مردان
145	وقاص احمد عباسی	حب الاسحاق	دیر
146	محمد بلال عباسی	محمد اللہ	مردان
147	حیات اللہ عباسی	ثمر گل	پشاور
148	محمد عبدالرحمن	نصیر اختر	مردان
149	محمد عاصم عباسی	عبدالباری	مردان
150	محمد قاسم عباسی	عبدالباری	مردان

151	جاوید علی عباسی	بخت جمال	مردان
152	محمد منیر عباسی	حبیب سید	شانگلہ
153	احمد گل	فقیر گل	مردان
154	یوسف شاہ عباسی	عبدالواحد	مردان
155	محمد حمزہ عباسی	اعظم خان	مالاکنڈ
156	عبداللہ عباسی	طالع ذر	مردان
157	عارف علی عباسی	نور محمد شاہ	مردان
158	سردار منیر عباسی	بخت منیر	مالاکنڈ
159	ظاہر شاہ عباسی	علی رحمان	مردان
160	اکرام اللہ ساجد	محمد مختار	سرگودھا
161	محمد ارسلان	محمد خان	سرگودھا
162	محمد ہاشم	فلک شیر	چنیوٹ
163	محمد ابوبکر جھنگوی	محمد اسلم	جھنگ
164	محمد عثمان عارف	راؤ محمد عارف	خانیوال
165	نعیم اللہ	محمد اشرف	پاکپتن
166	حیدر علی شاہ	احمد علی شاہ	نوشہرہ
167	محمد عدنان	آمین گل	نوشہرہ
168	سراج الحق	سیف الحق	نوشہرہ
169	سہیل احمد	تاج محمد	نوشہرہ
170	سعادت خان	محبت خان	نوشہرہ
171	محمد اسامہ	محمد عبداللہ	ملتان
172	محمد زاہد عثمانی	محمد رمضان	رحیم یار خان
173	محمد صدیق	محمد یوسف	راجن پور
174	محمد بلال	محمد اکرم	لیہ
175	محمد عرفان	محمد رمضان	سرگودھا
~~176~~	محمد اشرف	گلزار احمد	چنیوٹ
177	محمد حسنین معاویہ	اللہ دتہ مظہر	جھنگ
178	کاشف علی	محمد اسلم	ساہیوال
179	شاہد محمود	محمد ارشاد	پاکپتن
~~180~~	محمد اسامہ عزیز	محمد جہانگیر	ساہیوال
181	محمد عامر	محمد شریف	جھنگ
182	ساجد محمود	رحیم بخش	بہاولنگر
183	علی معاویہ	محمد نواب	بہاولنگر
184	محمد عرفان صابر	صابر حسین	ساہیوال
185	قیصر فاروق شاہد	نذیر احمد	ساہیوال
186	محمد رضوان	محمد اکرم	ساہیوال
187	محمد ارشاد	بشیر احمد	بہاولنگر
188	کامران اللہ خان	قدرت اللہ	میانوالی
~~189~~	ممتاز احمد	خدا بخش	ڈی جی خان
190	سیف اللہ صارم	بتول خان	ڈی آئی خان
191	رضوان علی	مختار علی	ننکانہ
192	سیف الرحمن	حاجی احمد شیر	چنیوٹ
193	عتیق الرحمن	عبدالرحمن	چنیوٹ
194	سمیع اللہ مدنی	قمر اقبال	چنیوٹ
195	طلحہ رسول	غلام رسول	سرگودھا
196	نظار محمد	جان محمد	بونیر
~~197~~	مقصود انور	محمود	بونیر
198	نوید خان	نور افضل	بونیر
199	بخت ولی خان	ثواب گل	بونیر
200	محسن علی	اکبر علی	اوکاڑہ
201	سیف اللہ	محمد اسماعیل	بونیر
202	مظہر شاہ	زرین	بونیر
203	عفان خالد	سیف اللہ	چنیوٹ
204	سلمان خالد	سیف اللہ	چنیوٹ
205	صدیق اللہ	گل اکبر خان	وزیرستان
206	محمد قاسم	انصار احمد	لاہور
207	محمد عدنان	محمد سرور	بہاولنگر
208	محسن علی	مقصود علی	گوجرانوالہ
209	انعام الحق	عبدالستار	صوابی
210	فضل ہادی	زیارت خان	صوابی

211	سعدالدین	عبدالحمید	ڈی آئی خان
212	عطاءالرحمن	بشیراحمد	لیہ
213	امیرعمر	عبیداللہ	ڈی آئی خان
214	نائب شاہ	سلطان شاہ	ہرنائی
215	عبدالحنان	محمدشریف	زیارت
216	علاؤالدین	وجیہ الدین	ٹانک
217	زومان خان	شیروالی خان	ڈی آئی خان
218	محمدعمر	زکیم خان	وزیرستان
219	اخترحسین	محمدجمیل	وزیرستان
220	محمدقاسم	مولوی محمدشفیع	لورالائی
221	عبداللہ	غلام رسول	لورالائی
222	عامرشہزاد	محمدرفیق	منڈی
223	محمدیاسین	عبدالغفار	لاہور
